★ ABC CERTIFIED ★

روزنامہ

تعمیر وطن کوئٹہ

Member APNS

Daily Tameer-e-Watan Quetta

جلد نمبر28......شمارہ نمبر10 بروز ہفتہ10 اکتوبر2026ء27ربیع الثانی 1448ھ...... قیمت7روپے (صفحات4) کوئٹہ اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اردو روزنامہ چیف ایڈیٹر: محمد عاطف خان......ایڈیٹر: ایم ایس خان

کسٹم اہلکار ایران میں نامعلوم افراد کے ہاتھوں قتل

نوکنڈی (آن لائن) نوکنڈی سے تعلق رکھنے والا کسٹم اہلکار حبیب آحمد بلوچ کو ایران میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے جاں بحق کر دیا ہے۔ مقامی ذرائع کے مطابق نوکنڈی سے تعلق رکھنے والے کسٹم اہلکار حبیب آحمد بلوچ گزشتہ کچھ عرصے سے زہدان میں رہائش پزیر تھے جبکہ مقامی پولیس نے مزید تفتیش شروع کر دیا۔

جھل مگسی اغوا ہونے والے افراد بازیاب گھر پہنچ گئے

کوئٹہ (آن لائن) جھل مگسی کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد 5 افراد کو گاڑی سمیت اغواء کر کے لے گئے ذرائع کے مطابق گزشتہ روز جھل مگسی کے نورانی روڈ پر میں کیمپ کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد گاڑی میں سوار 5 افراد کو گاڑی سمیت اغواء کر کے لے گئے جو جھل مگسی سے گنداواہ جا رہے تھے اغواء ہونے والوں میں 2 افراد کا تعلق سندھ سے بتایا جاتا ہے۔ خاندانی ذرائع کے مطابق اغواء ہونے والے پانچوں افراد بازیاب گھر پہنچ گئے۔

جوانوں کو یہ سمجھنا ہوگا کہ ان کا مستقبل دہشت گردی اور تشدد میں نہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے نوجوانوں کا مستقبل پہاڑوں پر نہیں بلکہ کھیلوں کے میدانوں، روزگار کے مواقع اور ایک پُرامن پاکستان سے وابستہ ہے۔ بلوچ نوجوانوں کو ایک لا (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

جب کسی مستحق سائل کو میرٹ اور انصاف کے تقاضوں کے مطابق بروقت انصاف ملتا ہے، جعفر مندوخیل

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ کسی بھی معاشرے میں انصاف کی بروقت فراہمی عوام کے اعتماد کو مضبوط بنانے اور اداروں کی ساکھ بہتر کرنے میں بنیادی کردار ادا کرتی ہے۔ جب کسی مستحق سائل کو میرٹ اور انصاف کے تقاضو (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

اس امر کا احساس ناگزیر ہے کہ ذہنی صحت کے بغیر جسمانی صحت کا تصور نامکمل ہے، وزیراعظم

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ اس امر کا احساس ناگزیر ہے کہ ذہنی صحت کے بغیر جسمانی صحت کا تصور نامکمل ہے، ذہنی امراض کے شکار افراد کا نقطہ نظر سننے اور پالیسیز، خدمات اور فیصلوں میں شامل کرنا انتہائی ضروری ہے (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

پاکستان سعودی عرب دفاعی تعاون خطے کے استحکام کی ضمانت، معاہدے کے تمام اثرات دفاعی نوعیت کے ہوں گے: ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کی انٹرویو

مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ کسی بھی خطرے کے خلاف مشترکہ قوت بنے گا، سعودی عرب کا دفاع کیا جائیگا، پاک فوج

پاکستان کی مسلح افواج مختلف صلاحیتوں اور شعبوں میں کئی دہائیوں سے سعودی عرب میں موجود ہیں امریکہ ایران جنگ کا دائرہ پھیلانے سے کسی کو فائدہ نہیں ہوگا، اختلافات کا حل مذاکرات میں ہے

اسلام آباد (آن لائن) پاک فوج کے ترجمان ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ اچانک وجود میں آنے والا اتحاد نہیں بلکہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان دہائیوں پر محیط دفاعی تعاون کا تسلسل ہے۔ معاہدے کا نفاذ اور اس کے نتیجے میں سامنے آنے والے تمام اثرات خالصتاً دفاعی نوعیت کے ہوں گے، جبکہ سعودی عرب کا دفاع اس معاہدے کے بنیادی مقاصد میں شامل ہے۔ امریکی نشریاتی ادارے سی این این کو انٹرویو دیتے ہوئے ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ پاکستان کی مسلح افواج مختلف صلاحیتوں اور شعبوں میں کئی دہائیوں سے سعودی عرب میں موجود ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ معاہدے کے تحت عملی اقدامات، تعینات کیے (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کا اجلاس، رسمی اسکولوں میں داخل نہ ہونے والے بچوں کو غیر رسمی تعلیم کے ذریعے تعلیمی مواقع فراہم کیے جائیں گے، شاہد رند کی بریفنگ

بلوچستان کابینہ کے بڑے فیصلے، 16 لاکھ بچوں کو تعلیم، بند صنعتوں کی بحالی اور سرکاری خریداری میں شفافیت یقینی بنانے، ٹیلی میڈیسن، خواتین کے تحفظ اور عوامی سہولیات سے متعلق متعدد اصلاحات منظور کرلیں

سرفراز بگٹی کی زیر صدارت کابینہ اجلاس

تعلیم، معدنی فنڈ اور سرکاری خریداری میں اصلاحات منظور

عوامی سہولت کے حوالے سے کابینہ نے نادرا کے ذریعے ای ڈومیسائل اور لوکل سرٹیفکیٹس کے اجرا کی منظوری دی، اس سلسلے میں حکومت کی جانب سے تجویز کردہ 200 روپے فیس ختم کرنے کا فیصلہ

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کے اہم اجلاس میں صوبے کے عوامی مفاد، معاشی ترقی، تعلیم، صحت، صنعت، سیاحت، خواتین کے تحفظ، انتظامی اصلاحات اور شہری سہولیات سے متعلق متعدد اہم فیصلوں کی منظوری دے دی گئی۔ کابینہ نے معدنی وسائل سے حاصل ہونے والے مالی فوائد کے مؤثر استعمال، غیر رسمی تعلیم کے فروغ، سرکاری اسکولوں میں دوہری تدریسی شفٹ، بند صنعتوں کی بحالی، سرکاری خریداری کے (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی کابینہ کے اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں

دکی، 14 روز قبل اغواء ہونے والے 11 مزدوروں کو بازیاب کرا لیا گیا

کیمپ پر نامعلوم مسلح افراد نے حملہ کر کے 12 مزدوروں کو اغواء کر کے لے گئے تھے

کوئٹہ (آن لائن) دکی کے علاقے سے 14 روز قبل اغواء ہونے والے 11 مزدوروں کو بازیاب کرا لیا گیا۔ جبکہ 1 مزدور کی پہلے نعش برآمد ہوئی تھی ذرائع کے مطابق 14 روز قبل کنسٹرکشن کمپنی کے کیمپ پر نامعلوم مسلح افراد نے حملہ کر کے 12 مزدوروں کو اغواء کر کے لے گئے تھے جن میں سے 1 مزدور کی چند روز قبل کوہلو کے علاقے ترین ندی سے نعش برآمد ہوئی (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

تربت، نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل کر دیا

کوئٹہ (آن لائن) تربت کے علاقے میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل کر دیا نعش ہسپتال منتقل کر دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ شب تربت میں جوسک پٹھان ہوٹل کے قریب نامعلوم موٹر سائیکل سواروں (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال خراب ہے، چوہدری نعیم کریم

ملک کو انتشار اور محاذ آرائی کے بجائے سیاسی استحکام اور معاشی ترقی کی ضرورت ہے

کوئٹہ (آن لائن) پرائم منسٹر یوتھ پروگرام کے فوکل پرسن و پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی سینئر رہنما چوہدری نعیم کریم نے کہا ہے کہ ملک کو انتشار اور محاذ آرائی کے بجائے سیاسی استحکام اور معاشی ترقی کی ضرورت ہے احتجاج اور دھرنوں کے ذریعے معمولات زندگی متاثر کرنے کی سیاست سے عوام کے مسائل حل نہیں ہوتے بلکہ سیاسی ماحول میں مز(باقی صفحہ 2 نمبر 7)

دالبندین: مبینہ طور پر بھائی کی فائرنگ سے بھائی جاں بحق

دالبندین (آن لائن) دالبندین میں مبینہ طور پر بھائی کی فائرنگ سے بھائی جاں بحق ہوگیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق گزشتہ روز بھائی نے اپنے چھوٹے بھائی محمد رفیق پر فائرنگ کر کے اسے شدید زخمی کر دیا تھا۔ زخمی محمد رفیق کو فوری طور پر مقامی ہسپتال منتقل کیا گیا، جہاں ابتدائی طبی ا(باقی صفحہ 2 نمبر 6)

وزیراعظم شہباز شریف کا مولانا فضل الرحمان سے رات گئے ٹیلیفونک رابطہ

پی ٹی آئی لانگ مارچ اور خیبر پختونخوا کی صورتحال پر گفتگو، معاملات افہام و تفہیم سے حل کرنے پر زور

معاملات کو محاذ آرائی کے بجائے مذاکرات اور افہام و تفہیم کے ذریعے حل کیا جانا چاہیے، مولانا کا موقف

اسلام آباد (آن لائن) ملک میں سیاسی کشیدگی کم کرنے اور معاملات کو مذاکرات کے ذریعے حل کرنے کی کوششوں کے سلسلے میں وزیراعظم شہباز شریف نے جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان سے رات گئے ٹیلیفونک رابطہ کیا، جس میں ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال، خیبر پختونخوا کے حالات اور پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

اسلام آباد: جرمنی میں پاکستان کے نامزد سفیر سلمان شریف نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان کی طرف سے حوثیوں کے حملوں کی مذمت، سعودی عرب کے دفاع کے حق کی حمایت کرتا ہے، ترجمان دفتر خارجہ

پاکستان سعودی عرب کے دفاع کیلئے پُرعزم، مکہ دفاعی معاہدے پر عملی اقدامات کا فیصلہ

ماسکو فارمیٹ میں افغان سرزمین سے دہشتگردی کا معاملہ اٹھایا، مشترکہ اعلامیہ جاری نہ ہونے سے حقائق تبدیل نہیں ہونگے

پاکستان، سعودی عرب دفاعی تعاون کو دوطرفہ سلامتی اور علاقائی استحکام کے تناظر میں اہم قرار دیا جاتا، سجاد حیدر کی پریس بریفنگ

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان نے سعودی عرب کی سلامتی اور دفاع کے لیے اپنے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے مکہ دفاعی معاہدے کے تحت دفاعی تعاون کو عملی شکل دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ ماسکو فارمیٹ میں افغان سرزمین سے دہشت گردی کا معاملہ اٹھایا، مشترکہ اعلامیہ جاری نہ ہونے سے حقائق تبدیل نہیں ہوں گے۔ ترجمان دفتر خارجہ سجاد حیدر خان نے ہفتہ وار میڈیا بریفنگ میں کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف نے سعودی عرب پر حوثیوں کے حملوں کی مذمت کی ہے، جبکہ پاکستان سعودی عرب اور اس کے عوام کے دفاع کے حق کی حمایت کرتا ہے۔ دوسری جانب (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف پی ایم قرض اسکیموں کے حوالے سے اعلیٰ کارکردگی دکھانے والے بینکوں کے صدور اور سی ای اوز سے ملاقات کر رہے ہیں

صوبے میں گورنر راج آخری آپشن، وزیراعلیٰ صرف منفی سیاست کیے جا رہا، مذاکرات کی ناکامی کا بھی ذمہ دار وہی ہے

پی ٹی آئی نے انتہاپسندی کی سیاست شروع کر رکھی ہے، بلاول بھٹو

پی ٹی آئی انتہاپسندی کی سیاست چھوڑ دے، صوبے کے مسائل کے حل کیلئے مذاکراتی میز پر آئیں، تقریب سے خطاب

کراچی (آن لائن) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو نے کہا ہے کہ انتہاپسندی کی سیاست سے ملک کا نقصان ہو رہا ہے، پی ٹی آئی انتہاپسندی کی سیاست چھوڑ دے، صوبے کے مسائل کے حل کے لئے مذاکراتی میز پر آئیں اور سیاست میں اپنی جگہ بنا کے رکھیں، صوبے میں گورنر (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

کوئٹہ، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان بلوچستان ایجوکیشن اینڈاومنٹ فنڈ کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وزیراعظم کی سعودی عرب پر حوثی حملوں کی شدید مذمت

وزیراعظم شہباز شریف کا سعودی قیادت اور عوام سے مکمل یکجہتی کا اظہار

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم شہباز شریف نے سعودی عرب پر حوثی ملیشیا کے بار بار ہونے والے حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان اپنے برادر ملک سعودی عرب کی قیادت اور عوام کے ساتھ مضبوطی سے کھڑا ہے اور مملکت کی خودمختاری، علاقائی (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

سپریم کورٹ آف پاکستان میں 1818 لیگل کال سینٹر کا باضابطہ آغاز کر دیا گیا

اسلام آباد (آن لائن) سپریم کورٹ آف پاکستان میں 1818 لیگل کال سینٹر کا باضابطہ آغاز کر دیا گیا، چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی کی موجودگی میں پہلے کال محمد (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

دہشت گردوں کے مذموم عزائم ناکام بنا دیے گئے، سردار ایاز صادق

اسپیکر قومی اسمبلی کا شمالی وزیرستان میں کامیاب آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (آن لائن) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے شمالی وزیرستان میں فتنہ الخوارج کے خلاف کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت، (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

ایس ای سی پی نے ستمبر 2026 میں 5,241 نئی کمپنیاں رجسٹر کیں

اسلام آباد (آن لائن) سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے ستمبر 2026 کے دوران 5,241 نئی (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

صدر ٹرمپ نے جنوبی ایشیا میں امن کے فروغ میں تاریخی کردار ادا کیا، شہباز شریف

وزیراعظم کی امن کے نوبیل انعام کے لیے ٹرمپ کی کوششوں کو تسلیم کرنے کی اپیل

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم شہباز شریف نے جنوبی ایشیا میں امن کے فروغ اور پاکستان و بھارت کے درمیان کشیدگی کم کرنے کے حوالے سے امریکی صدر ڈونلڈ (باقی صفحہ 2 نمبر 31)

پاکستان مائیکروفنانس نیٹ ورک کے تحت 2 روزہ 10 ویں سالانہ مائیکروفنانس کانفرنس کا کراچی میں اختتام

مالی شمولیت کو پائیدار معاشی ترقی سے جوڑنے کی ضرورت ہے، محمد اورنگزیب

مالی شمولیت کو صرف رسائی تک محدود رکھنے کے بجائے معیار اور ضرورت سے ہم آہنگ کرنا ہوگا، مراد علی شاہ

کراچی (آن لائن) پاکستان مائیکروفنانس نیٹ ورک (پی ایم این) کے زیر اہتمام 10 ویں سالانہ مائیکروفنانس کانفرنس (اے ایم سی ایکس) کراچی میں اختتام پذیر ہوگئی، جس میں حکومت، ریگولیٹرز، مالیاتی اداروں، ترقیاتی شراکت داروں اور ماہرین نے پاکستان میں مالی شمولیت کو معاشی ترقی میں تبدیل کرنے کے لیے حکمت عملی پر غور کیا۔ یونائیٹڈ نیشن انڈسٹریل ڈویلپمنٹ آرگنائزیشن (UNIDO) کے (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

صنعتی ترقی اور کاروباری سرگرمیوں کا فروغ حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے، ہارون اختر خان

مشیر وزیراعظم برائے صنعت و پیداوار کی ایوان صنعت و تجارت لاہور آمد، صدر علی حسام اصغر سے ملاقات

لاہور (آن لائن) ملک میں صنعتی ترقی کی رفتار تیز کرنے، سرمایہ کاری کے فروغ اور کاروباری سرگرمیوں کو وسعت دینے کے لیے حکومت اور نجی شعبے کے درمیان تعاون (باقی صفحہ 2 نمبر 30)

پنجگور، نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو زخمی کر دیا

کوئٹہ (آن لائن) پنجگور کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو زخمی کر دیا ہسپتال ذرائع کے مطابق گزشتہ شب پنجگور کے علاقے گرمکان میں (باقی صفحہ 2 نمبر 29)

محمد ہاشم کو بلوچستان کانسٹیبلری میں زونل کمانڈر بی سی زون فورالیت کوئٹہ تعینات کر دیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) محمد ہاشم کو بلوچستان کانسٹیبلری میں زونل کمانڈر بی سی زون فورالیت کوئٹہ تعینات کر دیا گیا۔ سینٹرل پولیس آفس (باقی صفحہ 2 نمبر 27)

کوئٹہ میں غیر معیاری گندم کے آٹے کے خلاف کارروائی، 10 افراد گرفتار، 2 دکانیں سیل کر دیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ میں غیر معیاری گندم کے آٹے کے خلاف کارروائی (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

جوڈیشل کمیشن نے دو نئے ارکان کی تقرری کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا

اسلام آباد (آن لائن) جوڈیشل کمیشن آف پاکستان نے دو نئے ارکان کی تقرری کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ بلاول بھٹو زرداری اور رانا ثنا اللہ ممبر بن گئے 13 اکتوبر کو ہونے و(باقی صفحہ 2 نمبر 22)

شمالی وزیرستان میں سیکیورٹی فورسز کا انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن، 7 دہشت گرد ہلاک

بھاری مقدار میں اسلحہ و گولہ بارود برآمد، متعدد ٹھکانے بھی تباہ کر دیے گئے: سیکیورٹی ذرائع

شمالی وزیرستان (آن لائن) خیبر پختونخوا میں امن وامان کے قیام اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری ہیں۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق شمالی وزیرستان میں فتنہ الخوارج کے خلاف ایک مؤثر انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران 7 دہشت گرد ہلاک کر دیے گئے، جبکہ کارروائی کے دوران بھاری مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا۔ سیکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ یہ کارروائیاں عزم استحکام وژن کے تحت جاری انسداد دہشت گردی کی کوششوں کا حصہ ہیں۔ آپریشن کے دوران دہشت گردوں کے متعدد ٹھکانوں کو بھی تباہ کر دیا (باقی صفحہ 2 نمبر 25)

ای سی سی کے 17 نکاتی ایجنڈے پر اہم فیصلے، اربوں روپے کی گرانٹس منظور

بلدیاتی انتخابات اور ایس ایم ای ڈی اے سمیت مختلف منصوبوں کیلئے فنڈز کی منظوری

اسلام آباد (آن لائن) وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی زیر صدارت اقتصادی رابطہ کمیٹی (ای سی سی) کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں 17 نکاتی ایجنڈے پر غور کرتے ہوئے متعدد اہم فیصلوں کی منظوری دی گئی۔ اجلاس میں مختلف اداروں اور منصوبوں کے لیے اربوں روپے کی تکنیکی ضمنی گرانٹس اور فنڈز فراہم کرنے کی منظوری دی گئی۔ اعلامیے کے مطابق ای سی سی نے سمال اینڈ میڈیم انٹرپرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی (ایس ایم ای ڈی اے) کے لیے 2 ارب روپے کی تکنیکی ضمنی گرانٹ منظور کرلی۔ یوٹیلیٹی اسٹورز کارپوریشن کے لیے 11 ارب 32 کروڑ 90 لاکھ روپے کی گرانٹ (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

وزیراعظم شہباز شریف سے ملک کے بڑے کمرشل بینکوں کے صدور اور چیف ایگزیکٹو افسران کے وفد کی ملاقات

چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری ادارے پاکستان کی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہیں، وزیراعظم

وزیراعظم اپنا گھر پروگرام، ایس ایم ایز اور زرعی شعبے میں قرضوں کی فراہمی کے لیے بینکاری شعبے کی کاوشوں کی ستائش

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم شہباز شریف نے ہاؤسنگ، چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروباروں اور زرعی شعبے کے لیے قرضوں کی فراہمی میں تیزی لانے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ ملک میں مالی وسائل تک آسان رسائی روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے، سرمایہ کاری بڑھانے اور ملکی معیشت کو مضبوط بنانے کے لیے ناگزیر ہے۔ وزیراعظم نے اسٹیٹ بینک کو قرضوں کی منظوری اور رقوم کی ادائیگی کا عمل مزید (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

کوئٹہ، غیر کیش شدہ سرکاری چیکوں کی مدت میں 26 اکتوبر 2026 تک توسیع کر دی

کوئٹہ (خ ن) محکمہ خزانہ حکومت بلوچستان نے مالی سال کے دوران جاری کیے گئے غیر کیش شدہ سرکاری چیکوں کی مدت میں 26 اکتوبر 2026 تک توسیع کر دی ہے۔ محکمہ خزانہ بلوچستان کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق اکاؤنٹنٹ جنرل بلوچستان کے دفاتر، ضلعی اکاؤنٹس دفاتر، محکمہ ہائے تعمیرات و مواصلات اور متعلقہ منصو (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

پاکستان اور بحرین کا دوطرفہ تعاون مزید وسعت دینے پر اتفاق

چوتھا اجلاس آئندہ سال منامہ میں منعقد کرنے کا فیصلہ کیا گیا، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان اور بحرین نے اپنے دیرینہ برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے، دوطرفہ تعاون کو عملی نتائج میں تبدیل کرنے اور تجارت و سرمایہ کاری سمیت مختلف شعبوں میں اشتراک عمل بڑھانے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ دونوں ممالک نے علاقائی و عالمی امور پر رابطوں کے فروغ اور طے شدہ فیصلوں پر مؤثر عملدرآمد یقینی بنانے پر بھی اتفاق کیا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی دعوت پر بحرین کے وزیر خارجہ ڈاکٹر عبداللطیف بن راشد الزیانی نے 7 اور 8 اکتوبر کو پاکستان کا سرکاری دورہ کیا۔ دورے کے دوران دونوں ممالک کے درمیان اعلیٰ سطحی ملاقاتیں ہوئیں، جن میں دوطرفہ تعلقات کے (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پارلیمانی سیکرٹری حاجی عبدالمجید بادینی اسمبلی اجلاس میں بات چیت کر رہے ہیں

مہنگائی کا طوفان، ملک میں پھلوں، سبزیوں اور دالوں سمیت 20 اشیا کی قیمتوں میں اضافہ ریکارڈ

سالانہ بنیادوں پر مہنگائی کی شرح تقریباً 12 فیصد اور ہفتہ وار بنیادوں پر سالانہ مہنگائی کی شرح 11.97 فیصد ریکارڈ

لہسن، ایل پی جی، سگریٹ، دہی، بریڈ، انڈے، پیاز اور بچوں کا خشک دودھ بھی مہنگی ہونے والی اشیا میں شامل

اسلام آباد (آن لائن) ملک بھر میں اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں میں اضافہ ہو گیا ہے۔ پھلوں، سبزیوں اور دالوں سمیت 20 اشیا کی قیمتوں میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ ادارہ شماریات نے ہفتہ وار بنیادوں پر مہنگائی کی تازہ رپورٹ جاری کر دی ہے۔ رپورٹ کے مطابق ہفتہ وار بنیادوں پر مہنگائی کی شرح میں مزید 0.57 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے جبکہ سالانہ بنیادوں پر مہنگائی کی شرح تقریباً 12 فیصد کی سطح پر پہنچ گئی (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

خیبر پختونخوا کا وزیراعلیٰ اور حکومتی لوگ دہشتگردوں کو تحفظ فراہم کر رہے ہیں، بیرسٹر دانیال چوہدری

یہ سسٹم اب نہیں چل سکتا خیبر پختونخوا آگ کی لپیٹ میں ہے اور وزیراعلیٰ لانگ مارچ میں مصروف ہے

بنیادی مراکز صحت میں مغرب کے بعد فتنہ الخوارج کے لوگ آ کر بیٹھ جاتے ہیں

راولپنڈی (آن لائن) وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات بیرسٹر دانیال چوہدری نے دعویٰ کیا ہے کہ خیبر پختونخوا کا وزیراعلیٰ اور حکومتی لوگ دہشت گردوں کو تحفظ فراہم کر رہے ہیں کیونکہ ان کے تانے بانے ان سے ملتے ہیں۔ تحریک انصاف کا سیاسی مرکز نفرت اور اداروں کے خلاف آگ لگانا ہے۔ یہ سسٹم اب نہیں چل سکتا خیبر پختونخوا آگ کی لپیٹ میں (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

طلبا و طالبات نے پہلے مرحلے میں اپنے اعلیٰ تعلیم کے حصول پر توجہ دینا ہوگی، خوشحال کاکڑ

معیاری تعلیم ہی کے ذریعے ہر شعبہ زندگی میں اعلیٰ ماہرین پیدا ہو سکتے ہیں جو قوم کا اثاثہ ثابت ہونگے، خطاب

وطن کے طلبا و طالبات نے اعلیٰ تعلیم کے حصول میں انتہائی محنت سے کام لیکر علم کے حصول پر بھرپور توجہ دینی ہوگی

ژوب (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے چیئرمین و ممبر قومی اسمبلی خوشحال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ وطن کے طلبا و طالبات نے اعلیٰ تعلیم کے حصول میں انتہائی محنت سے کام لیکر علم کے حصول پر بھرپور توجہ دینی ہوگی اور معیاری تعلیم ہی کے ذریعے ہر شعبہ زندگی میں اعلیٰ ماہرین پیدا ہو سکتے ہیں جو قوم کا اثاثہ ثابت ہونگے ہر ڈویژن کے مرکز میں اعلیٰ یونیورسٹی کا قیام اور گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج ژوب کو فوری طور پر یو (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

روزنامہ
تعمیر وطن
* ABC CERTIFIED *
TAMEER-E-WATAN

چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروبار

وزیراعظم شہباز شریف نے ہاؤسنگ، چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروباروں اور زرعی شعبے کے لیے قرضوں کی فراہمی میں تیزی لانے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ مالی وسائل تک آسان رسائی روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے، سرمایہ کاری بڑھانے اور ملکی معیشت کو مضبوط بنانے کے لیے ناگزیر ہے۔ وزیراعظم نے اسٹیٹ بینک کو قرضوں کی منظوری اور رقوم کی ادائیگی کا عمل مزید آسان بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ منظور شدہ قرضوں کی رقم شہریوں تک بروقت پہنچانا یقینی بنایا جائے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے اسلام آباد میں ملک کے بڑے کمرشل بینکوں کے صدور اور چیف ایگزیکٹو افسران کے وفد سے ملاقات کی اور وزیراعظم اپنا گھر پروگرام، چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروباری اداروں (ایس ایم ایز) اور زرعی شعبے میں قرضوں کی فراہمی کے لیے بینکاری شعبے کی کاوشوں کو سراہا۔ انہوں نے عوام کو اپنے گھر کا مالک بنانے، چھوٹے کاروباروں کو مالی معاونت فراہم کرنے اور کسانوں کی پیداواری صلاحیت بڑھانے کے لیے بینکوں کے تعاون پر شکریہ ادا کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری ادارے پاکستان کی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہیں۔ ان کی ترقی سے روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے اور معاشی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا۔ حکومت کے ان اقدامات کا مقصد عام شہریوں، کاروباری افراد اور کسانوں کو مالی وسائل تک رسائی فراہم کرنا ہے، جبکہ ہاؤسنگ، ایس ایم ایز اور زراعت کے شعبوں میں قرضوں کی فراہمی بہتر بنانے سے سرمایہ کاری، پیداوار اور مجموعی معاشی ترقی کو تقویت ملے گی۔ اجلاس کو وزیراعظم اپنا گھر پروگرام پر بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ اس اسکیم کے تحت اب تک 426 ارب روپے کے قرضے منظور کیے جا چکے ہیں، جن میں سے 76 ارب روپے جاری کیے گئے ہیں۔ مالی سال 27-2026 کے لیے 125,000 رہائشی یونٹس کی تعمیر اور فراہمی کے سلسلے میں 700 ارب روپے کی فنانسنگ کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ وزیراعظم نے قرضوں کی منظوری اور ان کی اصل ادائیگی کے درمیان فرق کم کرنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ عوام کو حقیقی فائدہ اسی وقت پہنچے گا جب منظور شدہ رقوم بروقت فراہم کی جائیں گی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ ڈیولپرز کی قرضوں تک رسائی کے لیے ایک فریم ورک پر مشاورت بھی جاری ہے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری شعبے میں اب تک تقریباً 350,862 کاروباری افراد کو مجموعی طور پر 1,137 ارب روپے کے قرضے فراہم کیے جا چکے ہیں۔ جون 2027 تک اس شعبے میں قرضوں کا حجم 1,500 ارب روپے اور مستفید ہونے والے کاروباری افراد کی تعداد 565,000 تک پہنچانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔

بقیہ 01

حاصل جنگ میں دھکیل کر ان کے ہاتھوں میں بندوق تھمائی گئی، تاہم صوبائی حکومت نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں، روزگار اور ترقی کے مواقع فراہم کر کے انہیں قومی دھارے میں شامل کرنے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ بلوچستان کے تمام اضلاع میں کھیلوں کے میدان آباد رکھے جائیں گے اور نوجوانوں کے لیے تسلسل کے ساتھ بڑے کھیلوں کے مقابلوں کا انعقاد کیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کو ایوب اسٹیڈیم کوئٹہ میں آل پاکستان وزیراعلیٰ بلوچستان گولڈ کپ فٹبال ٹورنامنٹ کے فائنل کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ وزیراعلیٰ نے فائنل کے کامیاب انعقاد پر محکمہ کھیل، صوبائی وزیر کھیل، سیکرٹری کھیل، ٹورنامنٹ کے منتظمین اور مقابلہ دیکھنے کے لیے آنے والے شائقین کو مبارکباد دی اور چیمپئن شپ جیتنے والے افغان کلب سمیت فاتح اور رنر اپ ٹیموں کو ٹرافیاں بھی دیں۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ آج بلوچستان کے لیے انتہائی خوشی کا دن ہے۔ کھیلوں کے میدان آباد کرنا اور نوجوانوں کو صحت مند سرگرمیوں کے مواقع فراہم کرنا صوبائی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ حکومت بلوچستان کے تمام اضلاع میں بڑے کھیلوں کے مقابلوں کا انعقاد کرے گی تاکہ نوجوانوں کو اپنی صلاحیتیں منوانے کے مواقع میسر آئیں اور صوبے میں کھیلوں کی سرگرمیوں کو فروغ دیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت نوجوانوں کے لیے روزگار اور ذریعہ معاش کے پروگرام شروع کر رہی ہے۔ نوجوانوں کو یہ سمجھنا ہوگا کہ ان کا مستقبل دہشت گردی اور تشدد میں نہیں بلکہ تعلیم، کھیل، روزگار اور پرامن معاشرے کی تعمیر میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک مخصوص اور گمراہ کن بیانیے کے ذریعے بلوچ نوجوانوں کو ریاست سے دور کر کے ان کے ہاتھوں میں بندوق تھمائی گئی اور انہیں ایک ایسی جنگ کا حصہ بنایا گیا جس سے انہیں کوئی فائدہ حاصل نہیں ہوگا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ ماضی میں یہ تاثر دینے کی کوشش کی گئی کہ ریاستی نمائندے عوام کے درمیان نہیں جا سکتے، لیکن آج ہم عوام کے درمیان موجود ہیں اور نوجوانوں کے ساتھ رابطے میں ہیں۔ نوجوانوں کو قومی دھارے میں شامل کرنے کے لیے ضروری ہے کہ کھیلوں کے میدان آباد کیے جائیں، ان کے ساتھ بامعنی مکالمہ کیا جائے اور میرٹ و بدعنوانی کے خاتمے کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت عوام کو کھیلوں، مثبت سرگرمیوں اور خوشیوں کے مواقع فراہم کرنے کے لیے جمع کرتی ہے، جبکہ دہشت گرد عناصر لوگوں کو اکٹھا کر کے شہروں پر حملوں اور تشدد کی راہ اختیار کرتے ہیں۔

بقیہ 02

ل کے مطابق بروقت انصاف ملتا ہے تو یہ نہ صرف اس فرد کیلئے اطمینان کا باعث بنتا ہے بلکہ ریاستی اداروں پر عوام کے اعتماد میں بھی اضافہ کرتا ہے۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ عوام کو سستا، فوری اور قابل رسائی انصاف فراہم کرنے کی خاطر صوبائی محتسب کے ادارے کو مزید فعال اور موثر بنانا ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں صوبائی محتسب کو مختلف سرکاری محکموں کے خلاف موصول ہونے والی درخواستوں اور شکایات کی ہفتہ وار سماعت کے دوران کیا۔ اس موقع پر گورنر جعفر خان مندوخیل نے سرکاری محکموں کے سربراہان کو ہدایت کی کہ وہ اپنے اداروں میں عوامی خدمات کی فراہمی بہتر بنانے، انتظامی امور میں شفافیت یقینی بنانے، بھرتیوں اور ترقیوں میں میرٹ کی پاسداری اور ہر قسم کی بدعنوانی و بے ضابطگی کے خاتمے کیلئے عملی اقدامات کریں۔ سرکاری اداروں کی کارکردگی کا اصل معیار عوام کو درپیش مسائل کا بروقت حل اور انکے جائز حقوق کا تحفظ ہونا ضروری ہے۔

بقیہ 03

۔ ذہنی صحت کے عالمی دن پر پیغام میں وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ ذہنی صحت کے عالمی دن پر پاکستان عالمی برادری کے ساتھ مل کر ذہنی امراض اور نفسیاتی مسائل کے علاج کی اہمیت پر بھرپور انداز میں آواز اٹھاتا ہے۔ اس امر کا احساس ناگزیر ہے کہ ذہنی صحت کے بغیر جسمانی صحت کا تصور نامکمل ہے۔ اس سال یہ دن عالمی سطح پر زندگی کے تجربات کو سنا جائے: حقیقی آوازیں، حقیقی تبدیلی کے زیر عنوان منایا جا رہا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ذہنی امراض کے شکار افراد کا نقطہ نظر سننے اور اسکو متعلقہ پالیسیز، خدمات اور فیصلوں میں شامل کرنا انتہائی ضروری ہے۔ ذہنی امراض کے علاج اور صحت کے نظام کو موثر اور مضبوط بنانے کے لیے متاثرہ افراد کے مسائل اور ماہرین کی رائے کی بامعنی شمولیت ہی کامیاب حکمت عملی کی ضمانت ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ذہنی صحت کا تعلق محض ذہنی امراض سے ہی نہیں بلکہ نوجوان نسل کی ذہنی نشوونما اور صلاحیتوں کو مکمل بروئے کار لانے کے نظام پر بھی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ نوجوانوں کی شخصیت سازی، صلاحیتوں کے نکھار اور ذہنی ارتقا میں درپیش مسائل کا ادراک انفرادی اور اجتماعی سطح پر ضروری ہے۔ ان مسائل پر توجہ سے ہی بہترین انفرادی استعداد اور قابلیت کو قومی ترقی و خوشحالی کے دھارے میں شامل کیا جا سکتا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ذہنی امراض کی نشاندہی اور علاج کو جسمانی امراض کی طرح انفرادی، خاندانی اور معاشرتی قبولیت کا ماحول چاہیے۔ تاکہ متاثرہ افراد غیر ضروری معاشرتی دباؤ سے آزاد ہو کر تمام تر توجہ مرض کے علاج اور صحت کی بحالی پر مرکوز کر سکیں۔

بقیہ 04

جانے والے دستوں اور ان کے استعمال سے متعلق فیصلے آپریشنل کمانڈرز کریں گے۔ ترجمان پاک فوج کے مطابق خطے میں حالیہ برسوں کے دوران نئے سیکیورٹی چیلنجز سامنے آئے ہیں، جن کے تناظر میں مشترکہ دفاعی معاہدہ ممکنہ خطرات کا مقابلہ کرنے کے لیے مشترکہ دفاعی قوت کا کردار ادا کرے گا۔ معاہدے کے تحت کسی ایک ملک پر حملے کو تمام متعلقہ فریقوں پر حملہ تصور کیا جائے گا، جس سے کسی بھی ممکنہ جارحیت کے نتائج پر مخالف عناصر کو سنجیدگی سے غور کرنا پڑے گا۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ معاہدے کا مقصد کسی کو دشمن یا دوست قرار دینا نہیں، بلکہ دفاعی تعاون کے ذریعے سلامتی اور استحکام کو مضبوط بنانا ہے۔ انہوں نے دوٹوک انداز میں کہا کہ سعودی عرب کا دفاع کیا جائے گا۔ امریکا اور ایران کے درمیان جنگ بندی اور تنازع کے خاتمے کے لیے معاہدے کی کوششوں پر بات کرتے ہوئے ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ پاکستان پہلے بھی اختلافات کم کرنے اور مذاکرات کے ذریعے پرامن حل تلاش کرنے کے لیے کردار ادا کرتا رہا ہے، اب بھی کوششیں جاری ہیں اور مستقبل میں بھی یہ سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے امریکا ایران جنگ بندی کے لیے غیر جانب دار ثالث کے طور پر اہم کردار ادا کیا ہے۔ پاکستان کا بنیادی مفاد علاقائی امن اور استحکام میں ہے

بقیہ 05

آئی) کے لانگ مارچ سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ حکومتی ذرائع کے مطابق وزیراعظم نے اپنی زیر صدارت اجلاس کے بعد مولانا فضل الرحمان سے رابطہ کیا۔ گفتگو کے دوران سیاسی صورتحال میں بہتری، کشیدگی کے خاتمے اور درپیش مسائل کو افہام و تفہیم کے ذریعے حل کرنے کے امکانات پر بات چیت ہوئی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ مولانا فضل الرحمان نے ایک بار پھر اپنے موقف کا اعادہ کیا کہ معاملات کو محاذ آرائی کے بجائے مذاکرات اور افہام و تفہیم کے ذریعے حل کیا جانا چاہیے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے مولانا کی سیاسی خدمات اور مفاہمانہ طرز سیاست کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کا سیاسی کردار ہمیشہ قابل قدر رہا ہے۔ حکومتی ذرائع کے مطابق وزیراعظم نے کہا کہ حکومت نے مسائل کے سیاسی حل کے لیے ہر ممکن کوشش کی ہے اور حکومت اب بھی مذاکرات کے ذریعے معاملات سلجھانے کے لیے تیار ہے۔ تاہم، سیاسی مسائل کے حل کے لیے اپوزیشن کو بھی ذمہ داری کا مظاہرہ کرنا ہوگا اور وفاق پر چڑھائی سے گریز کرنا چاہیے۔ ذرائع کے مطابق گفتگو میں پی ٹی آئی کے لانگ مارچ اور دہشت گردی کے خلاف اقدامات کے حوالے سے بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعظم کی جانب سے یہ موقف سامنے آیا کہ لانگ مارچ پر اصرار اور دہشت گردی کے خلاف اقدامات سے متعلق معاملات میں عدم تعاون سے مسائل پیدا ہوئے ہیں۔ حکومتی ذرائع کا کہنا ہے کہ مولانا فضل الرحمان کو یہ پیغام بھی دیا گیا کہ اب بھی وقت ہے کہ خیبرپختونخوا کی حکومت اور اپوزیشن صورتحال کی سنگینی کو سمجھتے ہوئے مسائل کے حل کے لیے سنجیدہ کوششیں کریں۔ وفاقی حکومت مذاکرات اور سیاسی مفاہمت کے ذریعے پیش رفت کے لیے تیار ہے، تاہم محاذ آرائی سے گریز ضروری ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے گفتگو میں ملکی معیشت کے استحکام کے لیے وفاقی حکومت کی کوششوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ حکومت نے معیشت کی بہتری کے لیے بھرپور محنت کی ہے اور ملک میں سیاسی استحکام کا قیام ناگزیر ہے۔ حکومتی ذرائع کے مطابق وزیراعظم نے واضح کیا کہ وفاق پر دھاوا بولنے سے مسائل حل ہونے کے بجائے مزید پیچیدہ ہوں گے، اس لیے سیاسی اختلافات کو بات چیت اور جمہوری طریقہ کار کے ذریعے حل کیا جانا چاہیے۔

بقیہ 06

مداد کے باوجود وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جاں بحق ہوگیا۔ پولیس کے مطابق واقعے کی تفصیلات اکٹھی کی جارہی ہیں، جبکہ مبینہ قاتل بھائی کی گرفتاری کے لیے چھاپہ مار کارروائیاں جاری ہیں۔ واقعے کی مزید تحقیقات بھی جاری ہیں۔

بقیہ 07

یدگی پیدا ہوتی ہے، وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف کی قیادت میں وفاقی حکومت ملک کو ترقی و خوشحالی کی راہ پر دوبارہ گامزن کرنے کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے لیکن بعض عناصر ملک کو ترقی یافتہ ہوتا نہیں دیکھنا چاہتے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں چوہدری نعیم کریم نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کی وفاقی حکومت وزیراعظم پاکستان کی قیادت میں ملک کی ترقی و خوشحالی کیلئے تمام سیاسی و مذہبی جماعتوں کو ساتھ لیکر چلنے پر یقین رکھتی ہے اور مسلم لیگ (ن) کی حکومت نے متعدد بار تمام سیاسی جماعتوں کو مل بیٹھ کر مسائل کا حل نکالنے کی دعوت دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اسوقت کسی بھی سیاسی محاذ آرائی کا متحمل نہیں ہوسکتا لیکن کچھ سیاسی جماعتیں ملک اور جمہوریت کو نقصان پہنچانے کے در پے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام سیاسی جماعتوں سے اپنے مسائل کے حل، روزگار کے مواقع، بہتر سہولیات اور ملکی ترقی کے لیے عملی اقدامات کی توقع رکھتے ہیں۔ سیاست میں کامیابی کا معیار جلسوں، دھرنوں اور بلند و بانگ نعروں کے بجائے عوام کی خدمت اور عملی کارکردگی ہونا چاہیے سیاسی جماعتوں کو ایک دوسرے پر الزام تراشی کے بجائے اپنی کارکردگی عوام کے سامنے پیش کرنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کو انتشار اور محاذ آرائی کے بجائے سیاسی استحکام اور معاشی ترقی کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی اور دیگر اپوزیشن جماعتوں کو چاہیے کہ وہ فوری طور پر اپنے دھرنے اور لانگ مارچ ختم کر کے مل بیٹھ کر ملک کو مسائل کی دلدل سے نکالنے کیلئے حکومت کا ساتھ دے۔ انہوں نے کہا کہ اسوقت خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال خراب ہے اور آئے روز سیکورٹی فورسز اور عوام دہشت گردی کا نشانہ بن رہے ہیں ہمیں ملکر ملک سے دہشت گردی کے خاتمے کو یقینی بنانا ہوگا۔

بقیہ 08

نظام میں شفافیت، کاروبار میں آسانی، ٹیلی میڈیسن، خواتین کے تحفظ اور عوام کو سرکاری خدمات کی فراہمی آسان بنانے سمیت مختلف شعبوں میں اصلاحات کی منظوری دی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے کابینہ اجلاس کے فیصلوں سے متعلق میڈیا کو بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ اجلاس میں منظور کیے گئے اقدامات صوبے میں معاشی سرگرمیوں کے فروغ، انتظامی نظام کی بہتری اور عوامی ضروریات کے مطابق پالیسی سازی کی جانب اہم پیش رفت ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ صوبائی کابینہ نے بلوچستان معدنی ترقیاتی فنڈ کے استعمال کی پالیسی کی منظوری دی ہے۔ بلوچستان قدرتی معدنی وسائل سے مالا مال صوبہ ہے اور ان وسائل سے حاصل ہونے والے مالی فوائد کو محض آمدن تک محدود رکھنے کے بجائے صوبے کی ترقی اور عوامی فلاح کے لیے مؤثر انداز میں بروئے کار لانا ضروری ہے۔ اس پالیسی کا مقصد معدنی وسائل سے حاصل ہونے والے فنڈز کے استعمال کے لیے واضح سمت اور مؤثر طریقہ کار وضع کرنا ہے تاکہ ان وسائل کے ثمرات صوبے کے عوام تک پہنچ سکیں۔ کابینہ نے بلوچستان سیاحتی پالیسی اور بلوچستان ثقافتی پالیسی کے مسودوں کی بھی منظوری دی۔ بلوچستان قدرتی حسن، تاریخی مقامات، قدیم تہذیب، روایتی ثقافت اور منفرد جغرافیائی خصوصیات کا حامل صوبہ ہے۔ ان پالیسیوں کے ذریعے سیاحتی مقامات کی ترقی، سیاحت سے وابستہ معاشی سرگرمیوں کے فروغ، مقامی آبادی کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور تاریخی و ثقافتی ورثے کے تحفظ پر توجہ دی جائے گی۔ تعلیم کے شعبے میں کابینہ نے بلوچستان غیر رسمی تعلیم ایکٹ 2025 کی منظوری دی۔ حکومت بلوچستان رواں سال شرح خواندگی میں اضافے کے لیے ایک نیا پروگرام شروع کر رہی ہے، جس کے تحت 10 سے 16 سال کی عمر کے تقریباً 16 لاکھ بچوں کو تعلیمی دھارے میں لانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ شاہد رند نے کہا کہ مختلف وجوہات کی بنا پر رسمی اسکولوں میں داخل نہ ہونے والے بچوں کو غیر رسمی تعلیم کے ذریعے تعلیمی مواقع فراہم کیے جائیں گے تاکہ انہیں دوبارہ تعلیم کے دھارے میں شامل کیا جا سکے اور کوئی بچہ تعلیم کے حق سے محروم نہ رہے۔ اسی سلسلے میں صوبائی کابینہ نے سرکاری اسکولوں میں دوہری تدریسی شفٹ شروع کرنے کی پالیسی کی بھی منظوری دی۔ اس اقدام کے تحت موجودہ تعلیمی عمارتوں اور بنیادی ڈھانچے کو بہتر انداز میں استعمال کرتے ہوئے شام کے اوقات میں تدریسی سرگرمیاں شروع کی جائیں گی۔ اس پالیسی کا مقصد موجودہ اسکولوں میں اضافی طلبہ کے لیے گنجائش پیدا کرنا اور جہاں ممکن ہو، نئے اسکولوں کی فوری تعمیر کے بجائے موجودہ وسائل کو زیادہ مؤثر انداز میں استعمال کرنا ہے۔ کابینہ نے بلوچستان ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے انتظامی بورڈ کی تشکیل کی بھی منظوری دی تاکہ فاؤنڈیشن کے انتظامی اور تعلیمی امور کو مزید مؤثر بنایا جا سکے۔ صنعتی شعبے میں کابینہ نے بلوچستان میں غیر فعال اور بند صنعتی یونٹس کو دوبارہ فعال بنانے کی پالیسی منظور کی۔ اس پالیسی کے تحت ایسے صنعتی یونٹس کی بحالی کے لیے مالی معاونت اور رعایتیں فراہم کی جائیں گی۔ حکومت کا مقصد پہلے سے قائم مگر مختلف وجوہات کی بنا پر بند صنعتوں کو دوبارہ چلانا ہے تاکہ موجودہ صنعتی ڈھانچے سے فائدہ اٹھاتے ہوئے سرمایہ کاری اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کیے جا سکیں۔ کابینہ نے سابق ضلع کوئٹہ کی ریونیو حدود میں ضروری ردوبدل اور شمالی کوئٹہ اور جنوبی کوئٹہ کی حدود کے از سر نو تعین کی منظوری بھی دی۔ آبادی میں اضافے اور شہری پھیلاؤ کے پیش نظر اس اقدام کا مقصد انتظامی امور کو بہتر بنانا اور شہریوں کو ان کی ضروریات کے مطابق سرکاری سہولیات کی فراہمی آسان بنانا ہے۔ صحت کے شعبے میں کابینہ نے بلوچستان ادارہ برائے امراض گردہ کوئٹہ کے چیف ایگزیکٹو افسر کے طور پر پروفیسر عبدالرازق کی عبوری تعیناتی کی منظوری دی۔ یہ مستقل تعیناتی نہیں ہوگی بلکہ اس آسامی کو باقاعدہ مشتہر کر کے نجی شعبے سے ایک ماہر پیشہ ور کی خدمات حاصل کی جائیں گی۔ اس فیصلے کا مقصد ادارے کو جدید طبی اور انتظامی مہارت رکھنے والے ماہر کی سربراہی میں مؤثر طور پر فعال بنانا اور مریضوں کو بہتر طبی سہولیات فراہم کرنا ہے۔ کابینہ نے بلوچستان ٹیلی میڈیسن اور دور دراز طبی خدمات ایکٹ 2026 کی منظوری بھی دی۔ بلوچستان کے وسیع رقبے اور دور دراز علاقوں میں آباد آبادی کو ماہر ڈاکٹروں تک بروقت رسائی میں مشکلات کا سامنا رہتا ہے۔ اس قانون سازی کا مقصد جدید مواصلاتی ٹیکنالوجی کے ذریعے طبی ماہرین کی خدمات دور دراز علاقوں تک پہنچانے کے لیے قانونی بنیاد فراہم کرنا ہے۔ اسی طرح بلوچستان صحت عامہ ایکٹ 2026 کی منظوری بھی دی گئی تاکہ صوبے میں صحت عامہ کے نظام کو واضح قانونی اور انتظامی بنیاد فراہم کی جا سکے۔ کابینہ کے فیصلوں میں امراض قلب کے ادارے میں ہاسٹل کی تعمیر کا معاملہ بھی شامل تھا۔ صوبائی کابینہ نے وفاقی منصوبے لولانگ ڈیم کو صوبائی ٹیکسوں سے مستثنیٰ قرار دینے کی منظوری دی۔ اس فیصلے کا مقصد بڑے ترقیاتی منصوبے پر مالی بوجھ کم کرنا اور اس کی تکمیل میں سہولت پیدا کرنا ہے تاکہ منصوبے کی رفتار اور معاشی افادیت بہتر بنانے میں مدد مل سکے۔ کابینہ نے بلوچستان میں نئے اعلان شدہ تمام اضلاع میں نئی ضلع کونسلوں کے قیام کی منظوری بھی دی۔ نئے اضلاع کے قیام کے بعد مقامی سطح پر انتظامی اور ترقیاتی ضروریات میں اضافے کے پیش نظر اس فیصلے سے مقامی ترقیاتی منصوبہ بندی اور عوامی نمائندگی کے نظام کو منظم کرنے میں مدد ملے گی۔ خواتین کے حقوق اور تحفظ کے حوالے سے کابینہ نے بلوچستان کمیشن آن اسٹیٹس آف ویمن ترمیمی ایکٹ 2026 اور بلوچستان پناہ گاہوں اور دارالامان انتظامی کنٹرول ایکٹ 2026 کی منظوری دی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے تمام ڈویژنل ہیڈکوارٹرز میں خواتین کے لیے محفوظ دارالامان تعمیر کرنے سے متعلق جامع منصوبہ پیش کرنے کی ہدایت بھی کی۔ اس اقدام کا مقصد مشکل حالات سے دوچار خواتین کو محفوظ ماحول، قانونی معاونت اور بنیادی سہولیات فراہم کرنے کے نظام کو مزید مؤثر بنانا ہے۔

بقیہ 09

نے فائرنگ کر کے ایک شخص احمد جان کو قتل کر دیا اور فرار ہو گئے نعش ہسپتال منتقل کر دی گئی۔ جس کو ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دیا گیا مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

بقیہ 10

تھی اور باقی 11 مزدور بازیاب ہو گئے ہیں انہیں محفوظ مقام پر منتقل کر دیا گیا۔ مزید کارروائی مقامی انتظامیہ کر رہی ہے۔

بقیہ 11

اج آخری آپشن ہوگا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا پی ٹی آئی نے انتہا پسندی کی سیاست شروع کر رکھی ہے انہوں نے پارلیمان میں اپنی جگہ خود چھوڑ دی وہ خود پارلیمانی کمیٹیوں میں نہیں آتے۔ یہ الیکٹورل ریفارمز کمیٹی کا بھی حصہ نہیں بننا چاہتے جبکہ دھاندلی سب سے زیادہ شور یہ مچاتے ہیں انکا اگر یہ رویہ ہوگا تو آنے والے انتخابات میں دھاندلی کیسے روکیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی والے اگر انتہا پسندی کو ترک کرے گی تو ایسا ماحول بن سکتا ہے کہ وہ صوبے تمام مسائل پر وفاق سے مذاکرات کر کے نہ صرف اپنے اعتراضات دور کرا سکتی ہے بلکہ وہ سیاست میں بھی اپنی جگہ برقرار رکھ سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کے پی کے کا وزیراعلیٰ صرف جنگی سیاست کیے جا رہا ہے۔ مذاکرات کی ناکامی کی بھی ذمہ داری ہے۔ مذاکرات ناکام کروا کے اس نے صوبے میں گورنر راج لگوانے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی، انکی وجہ سے ایسے حالات پیدا ہوئے کہ صوبے میں ایمرجنسی لگے۔ لیکن ہمارے لئے صوبے میں گورنر راج آخری آپشن ہوگا۔ انہوں نے مذاکرات کے حوالے سے مولانا فضل الرحمان کے کردار کو بھی سراہا۔ انہوں نے کہا یہ واقعی اپنی جماعت سے بچے ہیں، وزیراعلیٰ اپنے لیڈر عمران خان سے مخلص تو انتہا پسندی ترک کرے۔ کوئی بھی سیاسی لیڈر ہمیشہ جیل میں نہیں رہتا۔ صدر زرداری اس کی واضح مثال ہیں چودہ سال وہ قید میں رہے آج اقتدار کی کرسی پر ہیں۔ خان صاحب بھی جیل میں نہیں رہیں گے لیکن اگر پی ٹی آئی اگر انتہا پسندی کی سیاست ترک نہیں کرتی تو خان صاحب زرداری صاحب کا بھی ریکارڈ توڑ دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کا کردار صوبائی اور ملکی سیاست میں ہونا چاہیے۔ انہیں اپنے ورکرز کو مایوس نہیں کرنا چاہیے۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ یہ میری بات پر کس حد تک عمل کرتے ہیں۔

بقیہ 12

لیے پاکستان کا عزم غیر متزلزل ہے۔ وزیراعظم نے اپنے بیان میں سعودی عرب کے خلاف حوثی ملیشیا کے دہشت گرد حملوں کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ ان حملوں میں ریاض کے کنگ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ اور ابہا انٹرنیشنل ایئرپورٹ کو نشانہ بنانا بھی شامل ہے، جن کے نتیجے میں قیمتی جانوں کا ضیاع ہوا اور شہری زخمی ہوئے۔ شہباز شریف نے سعودی مسلح افواج اور اتحادی اتحاد کی مستعدی اور پیشہ ورانہ مہارت کو سراہتے ہوئے کہا کہ انہوں نے متعدد بیلسٹک میزائلوں کو فضا ہی میں تباہ کیا۔ انہوں نے شہریوں کی جانوں کے تحفظ اور سعودی عرب کی سلامتی یقینی بنانے کے لیے سعودی افواج کی کوششوں کو قابل تحسین قرار دیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان برادر ملک سعودی عرب کی قیادت اور عوام کے ساتھ غیر متزلزل یکجہتی کا اظہار کرتا ہے۔ مکہ معاہدے اور اس کی اسٹریٹجک سیاسی و دفاعی کمیٹی کے حالیہ فیصلوں کی روشنی میں سعودی عرب کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور سلامتی کے تحفظ کے لیے پاکستان کا عزم مضبوط ہے۔ انہوں نے سعودی عرب کے اپنے عوام کے دفاع اور شہروں سمیت اہم تنصیبات کے تحفظ کے جائز حق کی مکمل حمایت کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ حوثی ملیشیا کو فوری طور پر حملے بند کرنے چاہئیں۔

بقیہ 13

افغانستان سے دہشت گردی کے معاملے پر پاکستان نے ماسکو فارمیٹ اجلاس میں اپنا موقف واضح طور پر پیش کیا اور کہا کہ مشترکہ اعلامیہ جاری نہ ہونے سے خطے کے حقائق تبدیل نہیں کیے جا سکتے۔ ترجمان دفتر خارجہ سجاد حیدر خان نے ہفتہ وار پریس بریفنگ کے دوران کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف نے سعودی عرب پر حوثیوں کے حملوں کی مذمت کی ہے۔ پاکستان اس سے قبل 2 ستمبر کو مدینہ منورہ پر ہونے والے حملوں کی بھی مذمت کر چکا ہے۔ ترجمان نے کہا کہ پاکستان مکہ دفاعی معاہدے کے تحت سعودی عرب کے ساتھ کھڑا ہے اور سعودی عرب اور اس کے عوام کے دفاع کے حق سے متعلق اپنے عزم کا اعادہ کرتا ہے۔ ترجمان کے مطابق مکہ دفاعی معاہدے کی اسٹریٹجک، سیاسی اور دفاعی کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں پاکستان کے وزیر خارجہ، وزیر دفاع اور فیلڈ مارشل نے شرکت کی۔ اجلاس میں دفاعی تعاون کو آگے بڑھانے اور اس سلسلے میں عملی اقدامات اٹھانے کا فیصلہ کیا گیا۔ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان دفاعی تعاون کو دونوں ممالک کی سلامتی اور علاقائی استحکام کے تناظر میں اہم قرار دیا جاتا ہے۔ کمیٹی کے اجلاس میں عملی اقدامات پر اتفاق دفاعی تعاون کے ادارہ جاتی طریقہ کار کو آگے بڑھانے کی جانب اہم پیش رفت ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے افغانستان سے متعلق ماسکو فارمیٹ اجلاس پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان نے اجلاس میں شرکت کی اور افغانستان کے اندر سے ہونے والی دہشت گردی کے معاملے پر اپنا موقف پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے واضح کیا کہ افغان سرزمین سے دہشت گردی کی کارروائیاں ہو رہی ہیں اور اس معاملے کا ذکر ماسکو فارمیٹ کے سابقہ مشترکہ اعلامیوں میں بھی موجود رہا ہے۔ ترجمان کے مطابق طالبان حکام نے مشترکہ اعلامیہ جاری کرنے سے انکار کیا، تاہم مشترکہ اعلامیہ جاری نہ ہونے سے خطے کے حقائق تبدیل نہیں کیے جا سکتے۔ پاکستان کا موقف ہے کہ افغانستان کی سرزمین پاکستان کے خلاف دہشت گردی کے لیے استعمال نہیں ہونی چاہیے اور خطے میں پائیدار امن کے لیے دہشت گردی کے خطرات سے نمٹنا ضروری ہے۔ #/s#

بقیہ 14

سلیم کی کال سے سروس کا افتتاح ہوا۔ چیف جسٹس نے کہا کہ 1818 لیگل کال سینٹر کے ذریعے شہریوں کو مفت قانونی رہنمائی اور عدالتی معلومات فراہم کی جائیں گی، قانونی مشورے کے خواہشمند شہری گھر بیٹھے 1818 پر کال کر کے مفت رہنمائی حاصل کر سکتے ہیں، مفت قانونی رہنمائی کے لیے شہریوں کو عدالت آنے یا بھاری اخراجات برداشت کرنے کی ضرورت نہیں۔ حکام کے مطابق 1818 لیگل کال سینٹر کا مقصد بالخصوص مالی مشکلات کے شکار اور دور دراز علاقوں میں رہنے والے افراد کو قانونی معاونت فراہم کرنا ہے، وکلاء، سائلین اور عام شہری سپریم کورٹ کی خدمات اور عدالتی طریقہ کار سے متعلق معلومات کے لیے 1818 پر رابطہ کر سکیں گے۔ کال سینٹر سے مقدمات کی موجودہ صورتحال، سماعت کی تاریخوں، کاز لسٹ، فائلنگ اعتراضات، عدالتی فیصلوں کی مصدقہ نقول، جلد سماعت کی درخواستوں اور زیر التوا مقدمات سے متعلق رہنمائی حاصل کی جا سکے گی۔ سپریم کورٹ کی ویب سائٹ، آن لائن کیس معلومات اور الیکٹرانک درخواستوں کی سہولیات کے استعمال میں بھی معاونت فراہم کی جائے گی۔ لیگل کال سینٹر میں ماہر قانونی مشیر شہریوں کو مفت رہنمائی فراہم کریں گے اور قانونی معاونت کے ضرورت مند سائلین کی درخواستیں لا اینڈ جسٹس کمیشن آف پاکستان کو بھجوائی جائیں گی، تاہم عدالتی معاملات کے فیصلے متعلقہ عدالتیں ہی کریں گی۔ افتتاحی تقریب میں جسٹس ملک شہزاد احمد خان، جسٹس محمد شفیع صدیقی، جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب، صدر سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن، وائس چیئرمین پاکستان بار کونسل اور لیگل ایڈ کمیٹی کے چیئرمین سمیت وکلا کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

بقیہ 15

بروقت کارروائیاں اور لازوال قربانیاں قومی سلامتی کے تحفظ کے لیے انتہائی اہم ہیں۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے شمالی وزیرستان میں کارروائی کے دوران فتنہ الخوارج کے 7 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ اس مؤثر آپریشن کے ذریعے دہشت گردوں کے مذموم عزائم کو ناکام بنایا گیا۔ سردار ایاز صادق نے کہا کہ شمالی وزیرستان میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن دہشت گردی کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، مستعدی اور عزم کا واضح مظہر ہے۔ دہشت گردوں کے متعدد ٹھکانوں کی تباہی ملک میں امن و استحکام کے قیام کے لیے سیکیورٹی اداروں کے پختہ عزم کی عکاسی کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کی بیخ کنی اور ملک کے امن و امان کے تحفظ کے لیے سیکیورٹی فورسز کی خدمات اور قربانیاں قابل تحسین ہیں۔ سیکیورٹی اہلکار اپنی جانوں کی پروا کیے بغیر ملک و قوم کے تحفظ کے لیے مصروف عمل ہیں۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ ملک سے دہشت گردی کے خاتمے اور پائیدار امن کے قیام کے لیے قومی اتحاد اور سیکیورٹی اداروں کی کوششیں ناگزیر ہیں۔ سردار ایاز صادق نے دہشت گردی کے خلاف جاری کوششوں میں مصروف سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ خدمات کو سراہتے ہوئے ملک کی سلامتی اور استحکام کے لیے ان کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ #/s#

بقیہ 16

کمپنیاں رجسٹر کی ہیں، جس کے بعد ملک میں رجسٹرڈ کمپنیوں کی کل تعداد 317,002 ہوگئی ہے۔ نئی رجسٹریشنز میں سے 99.9 فیصد ایس ای سی پی کے ای-زی فائل (eZfile) پورٹل اور مربوط وفاقی و صوبائی نظاموں کے ذریعے آن لائن مکمل کی گئیں۔ نئی قائم ہونے والی کمپنیوں میں سب سے بڑا حصہ پرائیویٹ لمیٹڈ کمپنیوں کا رہا، جن کی تعداد 3,013 (57.5 فیصد) تھی، جبکہ سنگل ممبر کمپنیوں کی تعداد 2,058 (39.2 فیصد) رہی۔ ایس ای سی پی نے 127 لمیٹڈ لائبلٹی پارٹنرشپس (2.4 فیصد) اور سیکشن 42 کے تحت 29 ناٹ فار پرافٹ کمپنیاں (0.6 فیصد) بھی رجسٹر کیں۔ بقایا 14 اداروں (0.3 فیصد) میں 10 پبلک کمپنیاں، دو تجارتی تنظیمیں اور دو غیر ملکی کمپنیاں شامل تھیں۔ نئی رجسٹریشنز میں پنجاب 2,740 کمپنیوں (52.3 فیصد) کے ساتھ سرفہرست رہا، اس کے بعد وفاقی دارالحکومت اسلام آباد 1,009 (19.2 فیصد)، سندھ 790 (15.1 فیصد)، خیبر پختونخوا 428 (8.2 فیصد)، گلگت بلتستان 169 (3.2 فیصد) اور بلوچستان 105 (2.0 فیصد) کے ساتھ شامل رہے۔ مختلف شعبوں میں انفارمیشن ٹیکنالوجی کے شعبے میں سب سے زیادہ 920 نئی کمپنیاں رجسٹر ہوئیں، جس کے بعد ٹریڈنگ (808)، سروسز (599)، کنسٹرکشن (339)، فوڈ اینڈ بیوریجز (239)، ٹورزم (222)، رئیل اسٹیٹ ڈویلپمنٹ (193)، ایجوکیشن (189)، ای کامرس (179) اور مائننگ اینڈ کواریئنگ (127) شامل ہیں۔ دیگر شعبوں میں قائم ہونے والی کمپنیوں کی تعداد 1,426 رہی۔ ستمبر کے دوران مختلف ممالک کے 167 غیر ملکی سرمایہ کاروں نے بھی نئی قائم ہونے والی کمپنیوں میں حصہ لیا۔ ان میں چین 113 سرمایہ کاروں کے ساتھ سب سے آگے رہا، اس کے بعد امریکہ (7)، برطانیہ (6)، ہانگ کانگ (5)، سنگاپور (3) اور سعودی عرب (3) شامل ہیں۔

بقیہ 17

آسان بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ منظور شدہ قرضوں کی رقم شہریوں تک بروقت پہنچانا یقینی بنایا جائے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے اسلام آباد میں ملک کے بڑے کمرشل بینکوں کے صدور اور چیف ایگزیکٹو افسران کے وفد سے ملاقات کی اور وزیراعظم اپنا گھر پروگرام، چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروباری اداروں (ایس ایم ایز) اور زرعی شعبے میں قرضوں کی فراہمی کے لیے بینکاری شعبے کی کاوشوں کو سراہا۔ انہوں نے عوام کو اپنے گھر کا مالک بنانے، چھوٹے کاروباروں کو مالی معاونت فراہم کرنے اور کسانوں کی پیداواری صلاحیت بڑھانے کے لیے بینکوں کے تعاون پر شکریہ ادا کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری ادارے پاکستان کی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہیں۔ ان کی ترقی سے روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے اور معاشی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا۔ حکومت کے ان اقدامات کا مقصد عام شہریوں، کاروباری افراد اور کسانوں کو مالی وسائل تک رسائی فراہم کرنا ہے، جبکہ ہاؤسنگ، ایس ایم ایز اور زراعت کے شعبوں میں قرضوں کی فراہمی بہتر بنانے سے سرمایہ کاری، پیداوار اور مجموعی معاشی ترقی کو تقویت ملے گی۔ اجلاس کو وزیراعظم اپنا گھر پروگرام پر بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ اس اسکیم کے تحت اب تک 426 ارب روپے کے قرضے منظور کیے جا چکے ہیں، جن میں سے 76 ارب روپے جاری کیے گئے ہیں۔ مالی سال 27-2026 کے لیے 125,000 رہائشی یونٹس کی تعمیر اور فراہمی کے سلسلے میں 700 ارب روپے کی فنانسنگ کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ وزیراعظم نے قرضوں کی منظوری اور ان کی اصل ادائیگی کے درمیان فرق کم کرنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ عوام کو حقیقی فائدہ اسی وقت پہنچے گا جب منظور شدہ رقوم بروقت فراہم کی جائیں گی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ ڈیولپرز کی قرضوں تک رسائی کے لیے ایک فریم ورک پر مشاورت بھی جاری ہے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری شعبے میں اب تک تقریباً 350,862 کاروباری افراد کو مجموعی طور پر 1,137 ارب روپے کے قرضے فراہم کیے جا چکے ہیں۔ جون 2027 تک اس شعبے میں قرضوں کا حجم 1,500 ارب روپے اور مستفید ہونے والے کاروباری افراد کی تعداد 565,000 تک پہنچانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ایس ایم ایز کی مالی ضروریات پوری کرنا معاشی ترقی اور روزگار کے فروغ کے لیے اہم ہے۔ انہوں نے متعلقہ اداروں اور بینکوں پر زور دیا کہ قرضوں کی فراہمی میں حائل رکاوٹیں دور کر کے زیادہ سے زیادہ کاروباری افراد کو اس سہولت سے مستفید ہونے کے مواقع فراہم کیے جائیں۔ زرعی شعبے کی مالی معاونت سے متعلق بریفنگ میں بتایا گیا کہ ستمبر 2026 کے اختتام تک زرعی قرضوں کا مجموعی حجم 1,352 ارب روپے تک پہنچ گیا ہے، جبکہ 3,455,313 افراد اس سہولت سے مستفید ہو رہے ہیں۔

بقیہ 18

یہ جاتی اتھارٹیز کی جانب سے جاری کیے گئے غیر کیش شدہ چیکوں کی مدت میں 7 اکتوبر سے 26 اکتوبر 2026 تک توسیع کی گئی ہے۔ محکمہ خزانہ کے اس اقدام کا مقصد مقررہ مدت کے دوران کیش نہ ہونے والے سرکاری چیکوں کے لیے اضافی مہلت فراہم کرنا ہے، تاکہ متعلقہ چیکوں کیش کرانے کے عمل کو مکمل کرنے میں سہولت میسر آ سکے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق مذکورہ توسیع 7 اکتوبر 2026 سے مؤثر ہوگی اور 26 اکتوبر 2026 تک نافذ العمل رہے گی۔

بقیہ 19

مختلف پہلوؤں اور باہمی دلچسپی کے علاقائی و عالمی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ دورے کے دوران نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار اور بحرین کے وزیر خارجہ نے پاکستان بحرین مشترکہ وزارتی کمیشن کے تیسرے اجلاس کی مشترکہ صدارت کی۔ اس موقع پر دونوں وزرائے خارجہ نے مشترکہ وزارتی کمیشن کے تیسرے اجلاس کے پروٹوکول پر دستخط کیے، جبکہ کمیشن کا چوتھا اجلاس آئندہ سال، بحرین کے دارالحکومت منامہ میں منعقد کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق مذاکرات میں تجارت، سرمایہ کاری، زراعت، غذائی تحفظ، توانائی، بحری امور، انفارمیشن ٹیکنالوجی، ٹیلی کمیونیکیشن، صحت، تعلیم، افرادی قوت اور عوامی روابط سمیت متعدد اہم شعبوں میں تعاون بڑھانے کے امکانات کا جائزہ لیا گیا۔ دونوں جانب سے عوامی سطح پر روابط مزید مستحکم کرنے اور باہمی تعلقات کو نئی جہت دینے کے اقدامات پر بھی غور کیا گیا۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے اس موقع پر زور دیا کہ پاکستان اور بحرین کے درمیان قریبی تعلقات کو ٹھوس اور قابل پیمائش نتائج میں تبدیل کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے طے شدہ فیصلوں پر عملدرآمد اور ان کی باقاعدہ پیروی کے لیے مشترکہ ورکنگ گروپس سمیت ادارہ جاتی طریقہ کار کو مؤثر بنانے کی اہمیت پر بھی زور دیا۔ بحرین کے وزیر خارجہ ڈاکٹر عبداللطیف بن راشد الزیانی نے پاکستان کے ساتھ دوطرفہ تعلقات مزید مضبوط بنانے اور مختلف شعبوں میں تعاون کو وسعت دینے کے عزم کا اظہار کیا۔ انہوں نے بحرین کی ترقی اور خوشحالی میں پاکستانی برادری کے قابل قدر کردار کو بھی سراہا۔ دونوں رہنماؤں نے علاقائی و عالمی صورتحال اور اقوام متحدہ سمیت کثیرالجہتی فورمز پر باہمی تعاون کے امور پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ بحرینی وزیر خارجہ نے آبنائے ہرمز کی صورتحال پر بحرین کا موقف پیش کیا، جبکہ حالیہ علاقائی بحرانوں کے دوران پاکستان کے سفارتی کردار اور سلامتی کونسل میں اس کی کوششوں کو سراہا۔ پاکستان نے فلسطین، مقبوضہ جموں و کشمیر، سندھ طاس معاہدے اور افغانستان سے دہشت گردی کے خطرات سمیت اہم علاقائی و بین الاقوامی امور پر اپنے اصولی موقف کا اعادہ کیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق بحرینی وزیر خارجہ کا دورہ پاکستان دونوں ممالک کے تعلقات میں ہونے والی پیش رفت کا جائزہ لینے، تعاون کے نئے مواقع تلاش کرنے اور دیرینہ برادرانہ روابط کو مزید مستحکم کرنے کا اہم موقع ثابت ہوا۔ دونوں ممالک نے مستقبل میں بھی قریبی رابطے برقرار رکھنے اور باہمی تعاون کو مزید گہرا کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ 20

ہے۔ ہفتہ وار بنیادوں پر سالانہ مہنگائی کی شرح 11.97 فیصد ریکارڈ کی گئی۔ رپورٹ کے مطابق ایک ہفتے کے دوران 20 اشیا کی قیمتیں بڑھ گئیں جبکہ صرف 6 اشیا سستی ہوئیں۔ ہفتہ وار بنیادوں پر آٹے کی قیمت میں 5.69 فیصد، مرغی کے گوشت میں 4.93 فیصد اور دال چنے میں 3.99 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ اسی طرح پیٹرول اور ٹماٹر کی قیمتوں میں 2.40 فیصد، دال مسور میں 1.29 فیصد اور تیار چائے میں 1.08 فیصد اضافہ ہوا۔ لہسن، ایل پی جی، سگریٹ، دہی، بریڈ، انڈے، پیاز اور بچوں کا خشک دودھ بھی مہنگی ہونے والی اشیا میں شامل ہیں۔

بقیہ 21

ہے اور وزیراعلیٰ لانگ مارچ میں مصروف ہے، جس نے نیشنل ایکشن پلان پھاڑ کر ردی کی ٹوکری میں پھینک دیا ہے کیونکہ یہ ان کی ترجیح نہیں گزشتہ روز راولپنڈی پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے دانیال چوہدری نے کہا کہ کچھ دنوں سے کے پی میں جو ہو رہا ہے، یہ طوفان بدتمیزی اور تماشہ ہے، صوبہ میں دہشت گردی کی لہر پھیلی ہے اور اس کو کوئی بھی دیکھنے کو تیار نہیں۔ ہم سب گلے تک بھر چکے ہیں، 5 اکتوبر کو ڈی آئی خان میں کسٹم کے ملازمین مارے گئے، کوئی انکے گھر نہیں گیا، انہوں نے فیصلہ کیا ہے کہ یہ ناچیں گے، ایس ایچ او اور کانسٹیبل فرہاد شہید ہوا لیکن وزیراعلیٰ کے پی کے سر پر جوں تک نہیں رینگی، شہید کے بچے سوال کر رہے ہیں کہ اسکے جنازے میں شرکت کا وزیراعلیٰ اور کابینہ کے پاس وقت نہ تھا۔ ان کے لوگ اپنی پالیسی کے لئے افغانستان کو دیکھتے ہیں، جو ہمارے بچوں، جوانوں کو شہید کرتے ہیں، اپ کہتے ہیں کہ افغانستان کی جانب سے پالیسی ہے کہ ان کو میریٹ، سیرینا میں بٹھا کر بات کریں، انکی جانب سے فتنۃ الخوارج کے خلاف کیا بیان آیا، کیا جوانوں، شہدا کے جنازے پڑھنے کے لئے پالیسی چاہیے؟ میجر عدنان کا 10 ماہ کا بچہ اور بیوہ سوال کرتے ہیں کہ یہ کب تک چلے گا، منشیات، اسلحہ نان کسٹم گاڑیوں کا بزنس یہ سب کرتے ہیں، 15 سال سے آپ صوبے میں بیٹھے ہیں اپ نے انسداد دہشت گردی کے خلاف کیا پالیسی دی؟ ہم نے فیصلہ کرنا ہے کہ کب تک اس سسٹم کو برداشت کرنا ہے، اپیکس کمیٹی کی ایک میٹنگ وزیراعلیٰ کے پی نے اٹینڈ کی یہ بچوں کے خون پر سودا کرتے ہیں، کچھ دنوں میں 13 ڈرون حملے افغانستان سے ہوئے، کتنا برداشت کریں، فتنۃ الخوارج کے لوگ دندناتے پھرتے ہیں، بنیادی مراکز صحت میں مغرب کے بعد فتنۃ الخوارج کے لوگ آ کر بیٹھ جاتے ہیں، وزیراعلیٰ نے 200 ارب پشاور میں خوبصورتی کیلئے دیئے لیکن پہلی ڈیفنس لائن پولیس کو 44 ارب روپے نہ دیئے، صرف 1 ارب 20 کروڑ دیے، 6 ہزار سے زائد لوگ اس سال شہید ہو چکے ہیں کیا یہ ثبوت کافی نہیں، کہ ہم انکو دہشت گرد کہیں جو یہ سب کر رہے ہیں۔ ٹھاٹھیں مارتا سمندر ہم روز اڈیالہ کے باہر دیکھتے ہیں جو اس پالیسی کے ساتھ کھڑے ہیں، عوام نے فیصلہ کر لیا کہ تفریق اور آگ لگانے والے بیانیہ کے ساتھ نہیں کھڑے ہوں گی، سری لنکا کی ٹیم پاکستان آئی ہوئی ہے۔

بقیہ 22

اے جوڈیشل کمیشن کے اجلاس میں شریک ہوں گے جس میں سندھ ہائیکورٹ کے ججز کے حوالے سے فیصلہ کیا جانا ہے۔ اسلام آباد سے 9 اکتوبر 2026 کو جاری ہونے والے نوٹیفکیشن کے مطابق، آئین پاکستان کے آرٹیکل 175A کی شق 2 کے پیراگراف 7 کے تحت، سینیٹ میں لیڈر آف دی ہاس اور قومی اسمبلی میں لیڈر آف دی ہاس کی نامزدگی پر درج ذیل اراکین کو جوڈیشل کمیشن کا رکن مقرر کیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق سینیٹر رانا ثنا اللہ خان (حکومتی جج) اور بلاول بھٹو زرداری (حکومتی جج) کو جوڈیشل کمیشن آف پاکستان کا رکن نامزد کیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن چیف جسٹس آف پاکستان / چیئرپرسن جوڈیشل کمیشن آف پاکستان کی منظوری سے جاری کیا گیا ہے۔ اس سے قبل فاروق ایچ نائیک اور آفتاب نے استعفیٰ دیا تھا جسے منظور کر لیا گیا تھا۔

بقیہ 23

ٹ گریجویٹ کالج کا درجہ دینا انتہائی ضروری ہے جس کیلئے ہر فورم پر رابطے کر کے آواز بلند کریں گے، طلبا و طالبات کی سیاسی، ثقافتی اور غیر نصابی سرگرمیوں پر پابندی بلاجواز اور نوجوان تعلیم یافتہ طبقے کے صلاحیتوں کو زنگ آلود کرنے کے مترادف ہے پشتونخوا ایس او نے ملی شہید عثمان خان کاکڑ کی قیادت میں اس وقت سے لیکر اب تک تعلیمی اداروں کے قیام، تعلیم کو عام کرنے، معیاری تعلیم کی فراہمی اور تعلیمی اداروں کے مسائل حل کرنے کیلئے طویل اور صبر آزما جدوجہد کی ہے وہ ڈگری کالج ژوب میں طلبا کے عظیم الشان اجتماع سے خطاب کر رہے تھے اس موقع پر پشتونخوا ایس او کے زونل مرستیال سیکرٹری ایمل ساروان نے بھی خطاب کرتے ہوئے پارٹی چیئرمین اور پارٹی وفد کا کالج کا دورہ کرنے پر خوش آمدید کہا، چیئرمین کے دورے کے دوران پارٹی کے سینئر ڈپٹی چیئرمین رضا محمد رضا اور دوسرے رہنما بھی ساتھ تھے کالج پہنچنے پر کالج کے پرنسپل اور اساتذہ نے پارٹی چیئرمین ایم این اے خوشحال خان کاکڑ اور پارٹی وفد کا استقبال کیا اور چائے پارٹی کے ذریعے ان کی مہمان نوازی کی اور پارٹی چیئرمین ایم این اے خوشحال خان کاکڑ کو کالج کے درپیش مسائل و مشکلات سے تفصیل کے ساتھ آگاہ کیا، جبکہ پارٹی چیئرمین خوشحال خان کاکڑ نے مسائل کے حل کیلئے متعلقہ حکام سے رابطہ کرنے اور انہیں حل کرنے کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ گورنمنٹ ڈگری کالج ژوب کو پوسٹ گریجویٹ کا درجہ دینا اشد ضروری ہے بلکہ لاتعداد فیڈر سکولوں کی موجودگی کے باعث سالانہ ضلع ژوب و ضلع شیرانی سے سینکڑوں طلبا فارغ ہو رہے ہیں اور اس بدترین مہنگائی اور بے روزگاری کے دور میں دور دراز شہروں میں غریب طلبا کیلئے تعلیم جاری رکھنا ان کے بس کی بات نہیں بلکہ ضلع ژوب میں اعلیٰ درجے کی یونیورسٹی کا قیام اور ان میں فوری طور پر تعلیمی سلسلہ شروع کرنا از حد ضروری ہے۔ پارٹی چیئرمین نے طلبا کے پرہجوم اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ طلبا و طالبات نے پہلے مرحلے میں اپنے اعلیٰ تعلیم کے حصول پر توجہ دینا ہوگی اور ہر قسم کی سستی، کاہلی کو چھوڑ کر مشکلات کا مقابلہ کرتے ہوئے تعلیم کے حصول کو یقینی بنانا ہوگا اور انتہائی محنت کی روش اپنا کر اپنے نصاب پر عبور حاصل کرنا لازمی ہے اعلیٰ تعلیم کے حصول کے نتیجے میں ہی ہر شعبہ زندگی کے ماہرین پیدا ہو سکتے ہیں اور آپ طلبا و طالبات میں یہ صلاحیت موجود ہے کہ آپ مختلف شعبوں میں قوم کی راہنمائی اور قوم کی خدمت کیلئے اعلیٰ عہدوں پر فائز ہو اور اس طرح آپ مستقبل میں قوم کا اثاثہ و سرمایہ ثابت ہو سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پشتونخوا نیپ اور پشتونخوا ایس او نے پشتونخوا وطن میں تعلیم عام کرنے، معیاری مفت تعلیم کی فراہمی اور طلبا و طالبات کی اعلیٰ انسانی، پشتنی اور اسلامی اصولوں پر تربیت کیلئے مسلسل تاریخ ساز جدوجہد کی ہے اب اس جدوجہد اور قربانیوں کے نتیجے میں ہی آج جنوبی پشتونخوا میں محکمہ تعلیم سمیت ہر شعبہ زندگی میں انفراسٹرکچر کی بنیاد پڑی ہے اور اب اسے مزید بہتر اور اعلیٰ درجے کے مقام تک پہنچانا ہے جبکہ ژوب کے انہی تعلیمی اداروں سے اعلیٰ ماہرین اور سیاستدان پڑھ کر فارغ ہوئے ہیں اور پوری ملت کی راہنمائی اور تاریخ ساز جدوجہد کو آگے بڑھانے کا ذریعہ ثابت ہوئے ہیں۔

بقیہ 24

کی منظوری دی گئی، جس کا مقصد ادارے کی بندش کا عمل مکمل کرنے کے لیے ضروری فنڈز فراہم کرنا ہے۔ اجلاس میں پی تھری اے کے لیے 8 ارب روپے کی تکنیکی ضمنی گرانٹ بھی منظور کی گئی، جبکہ انفراسٹرکچر منصوبوں میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کو فروغ دینے کا فیصلہ کیا گیا۔ ای سی سی نے تھر کول ریل کنیکٹیویٹی منصوبے کے لیے 10 ارب روپے کی گرانٹ منظور کی۔ منصوبے کا مقصد تھر کے مقامی کوئلے کو بجلی اور صنعتی شعبے میں استعمال کے لیے ریل کے ذریعے رابطہ فراہم کرنا ہے۔ بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے ای سی سی نے الیکشن کمیشن کے لیے 59 کروڑ 61 لاکھ 80 ہزار روپے کی گرانٹ منظور کر لی۔ پنجاب، خیبرپختونخوا، اسلام آباد اور کنٹونمنٹ بورڈز کے بلدیاتی انتخابات کے لیے 2 ارب روپے فوری جاری کرنے کی بھی منظوری دی گئی، جبکہ غیر حساس انتخابی سامان کی خریداری کے لیے 17 ارب 87 کروڑ 30 لاکھ روپے مختص کیے گئے۔ اجلاس میں وزیراعظم آفس اور وزیراعظم اسٹاف کالونی کی مرمت کے لیے کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) کو 30 کروڑ روپے کی گرانٹ، کوپ 31 میں پاکستان کی شرکت کے لیے وزارت موسمیاتی تبدیلی کو 15 کروڑ روپے اور پاکستان اسپورٹس اینڈومنٹ فنڈ کے لیے 93 کروڑ 44 لاکھ 81 ہزار روپے کی گرانٹ منظور کی گئی۔ چین میں ایک ہزار زرعی ماہرین کی مختصر تربیت کے لیے ایک ارب 66 کروڑ 61 لاکھ 76 ہزار روپے کی منظوری بھی دی گئی۔ ای سی سی نے 2026 کی تمباکو فصل کے کم از کم امدادی نرخوں کی بھی منظوری دے دی۔ اعلامیے کے مطابق درآمدی اور مقامی طور پر تیار ٹائروں پر اضافی کسٹمز ڈیوٹی سے متعلق ایس آر او میں ترمیم کی منظوری دی گئی، جبکہ ایف بی آر کے ٹرانسفارمیشن پلان کے لیے پاکستان ریونیو آٹومیشن لمیٹڈ (پرال) کو 4 ارب روپے کی گرانٹ منظور کی گئی۔

بقیہ 25

کیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق دہشت گردی کے نیٹ ورکس کے خلاف کارروائیوں کا مقصد علاقے میں امن و استحکام کو یقینی بنانا اور دہشت گرد عناصر کی سرگرمیوں کا خاتمہ کرنا ہے۔

بقیہ 26

10 افراد گرفتار 2 دکانیں سیل کر دیا گیا تفصیلات کے مطابق سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والے خبر پر نوٹس کا لیا وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے احکامات اور ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی نگرانی میں اسسٹنٹ کمشنر کوئٹہ سٹی محمد امیر حمزہ نے فوڈ اتھارٹی کے ہمراہ شہر کے مختلف علاقوں اور تجارتی مراکز میں غیر معیاری گندم کے آٹے کی فروخت کے خلاف کارروائی کی۔ کارروائی کے دوران میزان چوک، قندھاری بازار، کواری روڈ، ایم ڈی ایس ڈیپارٹمنٹل اسٹور اور قدوسی ڈیپارٹمنٹل اسٹور سمیت مختلف مقامات پر آٹے کے معیار کا معائنہ کیا گیا۔ آپریشن کے دوران مقررہ معیار کی خلاف ورزی پر 10 افراد کو گرفتار جبکہ 15 دکانداروں کو وارننگ جاری کی گئی۔ ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کی جانب سے عوام کو معیاری اشیائے ضروریہ کی فراہمی اور شہریوں کی صحت کے تحفظ کے لیے کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 27

کے جاری کردہ ایک نوٹیفکیشن کے مطابق تعیناتی کے منتظر محمد ہاشم کو فوری طور پر اور آئندہ احکامات تک زونل کمانڈر بی سی زون فورالیٹ کوئٹہ تعینات کر دیا گیا ہے۔ ان کی تعیناتی سابقہ ایس پی علی نواز بگٹی کی ریٹائرمنٹ کے بعد خالی اسامی پر عمل میں لائی گئی ہے۔

بقیہ 28

اشتراک یونین کے فنڈ سے چلنے اور یورپی (باقی صفحہ 2 نمبر 2) والے PAIDAR پروگرام کے تحت منعقدہ 2 روزہ کانفرنس کا موضوع "جامع ترقی کی راہیں: ہم آہنگی کے مواقع" تھا۔ کانفرنس سے ورچوئل خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا کہ مالی شمولیت کو پائیدار معاشی ترقی سے جوڑنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے زرعی شعبے اور چھوٹے و درمیانے کاروباروں کے لیے ضمانت کے بجائے کیش فلو کی بنیاد پر قرضوں، ڈیجیٹل کریڈٹ اور متبادل ڈیٹا کے استعمال پر زور دیا۔ چیئرمین پی ایم این و صدر و چیف ایگزیکٹو ایچ بی ایل مائیکروفنانس بینک عامر خان نے کہا کہ مائیکروفنانس کو الگ نظام کے بجائے ملکی مالیاتی نظام کا حصہ بنانا ہوگا جبکہ کامیابی کا معیار صرف قرض لینے والوں کی تعداد نہیں بلکہ ان کی معاشی ترقی، کاروبار میں بہتری اور مالی خودمختاری ہونا چاہیے۔ وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے کہا کہ مالی شمولیت کو صرف رسائی تک محدود رکھنے کے بجائے معیار اور ضرورت سے ہم آہنگ کرنا ہوگا۔ انہوں نے PAIDAR LabsInnovation کے اجرا کا خیر مقدم کیا، جو سندھ میں دیہی کاروباری اداروں اور مالیاتی اداروں کو مشترکہ طور پر مالیاتی مصنوعات تیار کرنے کا موقع فراہم کریں گے۔ کانفرنس کا اہم نتیجہ PAIDAR ضمانتی فنانسنگ سہولت کے دوسرے مرحلے کی توسیع ہے، جس کے تحت فنانسنگ 20 کروڑ روپے سے بڑھا کر 4.2 ارب روپے کر دی گئی ہے جبکہ مالیاتی اداروں کی تعداد 3 سے بڑھا کر 8 کر دی گئی ہے۔

بقیہ 29

نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے سدیس نامی شخص کو زخمی کر دیا اور فرار ہوگئے۔ زخمی کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

بقیہ 30

کو ناگزیر قرار دیتے ہوئے وزیراعظم کے مشیر برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان نے کہا ہے کہ کاروباری برادری کو درپیش مشکلات کا حل حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے، جبکہ صنعتی شعبے کی بہتری کے لیے نجی شعبے کی تجاویز اور سفارشات اہمیت رکھتی ہیں۔ ہارون اختر خان نے لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے چیمبر کے صدر علی حسام اصغر سے ملاقات کی۔ ملاقات میں صنعتی و تجارتی شعبے کو درپیش مسائل، ملکی صنعتی ترقی، سرمایہ کاری کے فروغ اور کاروباری سرگرمیوں میں اضافے کے لیے ممکنہ اقدامات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر وزیراعظم کے مشیر نے کہا کہ ملک میں سرمایہ کاری کے لیے سازگار ماحول پیدا کرنے اور صنعتی شعبے کو ترقی دینے کے لیے حکومت اور نجی شعبے کے درمیان موثر رابطہ کاری ضروری ہے۔ کاروباری برادری کے مسائل کو سمجھنا اور ان کے قابل عمل حل تلاش کرنا معاشی سرگرمیوں کے فروغ میں اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔

بقیہ 31

ٹرمپ کے کردار کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ صدر ٹرمپ کی بروقت مداخلت نے دونوں ممالک کو جنگ کے دہانے سے واپس لانے میں اہم کردار ادا کیا۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ خطے میں امن کے قیام اور تنازعات کی روک تھام کے لیے صدر ٹرمپ کی کوششوں کو مناسب عالمی پذیرائی ملے گی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں کہا کہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے جنوبی ایشیا میں امن کے فروغ کے لیے تاریخی کردار ادا کیا۔ ان کی بروقت مداخلت پاکستان اور بھارت کے درمیان کشیدگی کم کرنے اور جنگ کے خطرے کو ٹالنے میں مددگار ثابت ہوئی۔ شہباز شریف کے مطابق پاکستان اور بھارت کے درمیان جنگ بندی صدر ٹرمپ کی مداخلت کے نتیجے میں ممکن ہوئی، جو تاحال برقرار ہے۔ انہوں نے اس پیش رفت کو خطے میں امن و استحکام کے لیے اہم قرار دیا۔ وزیراعظم نے اپنے بیان میں یاد دلایا کہ پاکستان نے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو امن کے نوبیل انعام کے لیے نامزد بھی کیا تھا۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ خطے میں امن کے فروغ، تنازعات کی روک تھام اور کشیدگی کم کرنے کے لیے صدر ٹرمپ کی کوششوں کو اس بار مناسب پذیرائی ملے گی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ جنوبی ایشیا میں پائیدار امن کے قیام کے لیے کی جانے والی کوششوں کو تسلیم کیا جانا چاہیے۔ ان کا کہنا تھا علاقائی تنازعات کے حل اور جنگ کے خطرات کو کم کرنے کے لیے مؤثر سفارت کاری اور عالمی سطح پر امن کی کوششوں کی حوصلہ افزائی ضروری ہے۔

بقیہ 01

معاملات کو آٹومیٹڈ نظام پر منتقل کیا جائے گا تاکہ مال بردار گاڑیوں کی چیکنگ اور کلیئرنس کو تیز اور آسان بنایا جاسکے۔ ان خیالات کا اظہار ایوان صنعت وتجارت کوئٹہ بلوچستان کے عہدیداران اور ممبران کے ساتھ منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس سے قبل چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوئٹہ بلوچستان کے سینئر نائب صدر مرزا خان خلجی، نائب صدر جنگیان ذشتی اور دیگر عہدیداران نے مہمانوں کا خیر مقدم کیا اور انہیں بلوچستان کی کاروباری برادری کو درپیش مشکلات سے آگاہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں کاروبار، بالخصوص درآمدات وبرآمدات، مشکل صورت حال سے دوچار ہیں۔ مال بردار گاڑیوں کو جلائے جانے کے واقعات کے ساتھ ساتھ غیر ضروری چیک پوسٹوں اور بار بار چیکنگ کے باعث تاجروں اور ٹرانسپورٹرز کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ چیمبر کے عہدیداران نے بتایا کہ مستونگ روڈ اور زیارت کراس کے مقامات پر محکمہ کسٹمز کی جانب سے ضبط کیا گیا اربوں روپے مالیت کا سامان اور گاڑیاں آتشزدگی کا شکار ہوئیں، تاہم متاثرین کو معاوضے کی ادائیگی یا نقصان کے ازالے کے لیے تاحال کوئی موثر اقدام نہیں کیا جاسکا۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت بھی تین ہزار سے ساڑھے تین ہزار مال بردار گاڑیاں پھنسی ہوئی ہیں، جن کی کلیئرنس کا عمل تیز کرنے کے ساتھ ضبط شدہ سامان کی جلد نیلامی کے احکامات پر عمل درآمد ضروری ہے۔ اس موقع پر چیف کلکٹر کسٹمز انفورسمنٹ (اپریزمنٹ) محمد جمیل ناصر خان نے کہا کہ کسی بھی صورت قانونی تجارت پر قدغن نہیں لگنے دی جائے گی، کیونکہ قانونی تجارتی سرگرمیوں سے ملک اور صوبے کو ریونیو حاصل ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسمگلنگ میں ملوث عناصر قانونی تجارت سے وابستہ افراد کے لیے مشکلات پیدا کررہے ہیں۔ جہاں اسمگلنگ کی سرگرمیاں ہوں گی، وہاں چیکنگ ضرور کی جائے گی، تاہم اسمگلنگ کی آڑ میں کسی کو بلاوجہ تنگ کرنے کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔ انہوں نے کہا کہ ضبط شدہ سامان کی نیلامی کے احکامات پہلے ہی جاری کیے جاچکے ہیں اور اب اس عمل کو مزید تیز کیا جارہا ہے۔ شہر کے اندر دو ویئر ہاسز قائم کرنے کا انتظام کیا جارہا ہے، جنہیں ڈیڑھ ماہ کے اندر فعال کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ محمد جمیل ناصر خان نے مزید بتایا کہ سنٹرل اسسمنٹ یونٹ میں بلوچستان کے کیسز کی خصوصی جانچ پڑتال روزانہ شام 5 بجے سے رات 11 بجے تک کی جائے گی۔ آئندہ آٹھ ماہ کے دوران کاروباری امور کو خودکار نظام پر منتقل کرنے کا منصوبہ ہے، جس سے مال بردار گاڑیوں کی چیکنگ اور کلیئرنس کا عمل تیز اور آسان ہوگا۔ انہوں نے ویئر ہاسز میں سامان جلنے کے واقعات سے متعلق جاری انکوائریوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ تحقیقات مکمل ہونے کے بعد معاوضوں کی ادائیگی اور دیگر معاملات کے لیے فریم ورک پالیسی پر کام متوقع ہے۔ انہوں نے کسٹمز ڈیوٹی اور دیگر متعلقہ امور پر چیمبر کی تجاویز کا خیر مقدم کرتے ہوئے انہیں ترجیح دینے کی یقین دہانی بھی کرائی۔ اجلاس کے اختتام پر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوئٹہ بلوچستان کی جانب سے مہمان کو یادگاری شیلڈ پیش کی گئی۔

بقیہ 02

انسڈ لیبارٹریز) پرائیویٹ (لمیٹڈ، کراچی کے تعاون سے کیا تھا۔ کیمپ کے دوران سینکڑوں طلبہ، اساتذہ اور انتظامی عملے کو انتہائی رعایتی نرخوں پر بنیادی تشخیصی بلڈ ٹیسٹ کی سہولت فراہم کی گئ۔ کیمپ کے دوران طبی ٹیموں نے بین الاقوامی بائیو سیفٹی پروٹوکولز پر سختی سے عمل پیرا ہوکر جراثیم سے پاک ایک ہی بار استعمال ہونے والے طبی آلات کا استعمال کیا اور میڈیکل ویسٹ کو سائنسی طریقہ سے تحت تلف کیا گیا۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن نے ہیلتھ کیمپ کے کامیاب انعقاد پر شعبہ نیچرل اینڈ بیسک سائنسز، ڈائریکٹوریٹ آف اسٹوڈنٹ افیئرز اور ایڈوانسڈ لیبارٹریز کی مشترکہ کاوشوں کو سراہتے ہوئے رضا کار ٹیموں کو مبارکباد پیش کی یونیورسٹی ترجمان کے مطابق وائس چانسلر نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ طلبہ اور ملازمین کی صحت اور جسمانی وذہنی تندرستی کو یقینی بنانا ادارے کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

بقیہ 03

مطابق انتخاب کو یقینی بنانا ہے۔ یہ نظام پی پی ایچ آئی بلوچستان کے تحت بنیادی صحت کی سہولیات، بشمول ٹیلی ہیلتھ سینٹرز، کے لیے درکار اہل اور تربیت یافتہ افرادی قوت کی بھرتی کے عمل کو موثر اور منظم بنانے میں بھی معاون ثابت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ProMetriX کے ذریعے امیدواروں کی آن لائن درخواستوں کی جانچ پڑتال، شناخت کی تصدیق، تعلیمی اسناد اور دیگر متعلقہ دستاویزات کی جانچ، کمپیوٹرائزڈ ٹیسٹ، جوابات کی جانچ اور میرٹ لسٹوں کی تیاری سمیت بھرتی کے مختلف مراحل کو ڈیجیٹل طریقے سے انجام دیا جائے گا۔ اس نظام کے ذریعے بھرتی کے عمل کو زیادہ منظم، موثر اور قابل اعتماد بنانے کے ساتھ ساتھ امیدواروں کی صلاحیتوں کا جائزہ لینے اور انتخاب کے مراحل میں یکسانیت برقرار رکھنے میں بھی مدد ملے گی۔ ڈاکٹر ایم بی داریجو نے کہا کہ پی پی ایچ آئی بلوچستان صوبے کے دور دراز اور پسماندہ علاقوں میں بنیادی صحت کی سہولیات کی فراہمی کے لیے کوشاں ہے، جبکہ ٹیلی ہیلتھ سینٹرز کے ذریعے عوام کو جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے طبی مشاورت اور صحت سے متعلق خدمات تک رسائی فراہم کرنے کی کوششیں بھی اہمیت کی حامل ہیں۔ ان مراکز کی موثر فعالیت کے لیے موزوں، اہل اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے حامل عملے کی دستیابی ضروری ہے۔ اس تناظر میں جدید ڈیجیٹل بھرتی کا نظام اہل افرادی قوت کے انتخاب اور ادارے کی ضروریات کے مطابق بھرتی کے عمل کو بہتر بنانے میں معاون کردار ادا کرے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ProMetriX متعارف کرانے کا بنیادی مقصد بھرتی کے عمل میں غیر ضروری انسانی مداخلت کے امکانات کو کم کرنا، اقربا پروری اور میرٹ کے منافی عوامل کی حوصلہ شکنی کرنا اور تمام امیدواروں کو مساوی مواقع فراہم کرنا ہے۔ اس نظام کے ذریعے امیدواروں کی تعلیمی قابلیت، اہلیت اور ٹیسٹ میں کارکردگی کی بنیاد پر انتخاب کے عمل کو زیادہ شفاف اور منظم بنانے میں مدد ملے گی، تاکہ اہل اور مستحق امیدواروں کو منصفانہ طریقہ کار کے تحت روزگار کے مواقع میسر آسکیں۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر نے کہا کہ پی پی ایچ آئی بلوچستان صحت کے شعبے میں خدمات کی بہتری، انتظامی استعداد میں اضافے اور جدید ٹیکنالوجی کے موثر استعمال کے لیے عملی اقدامات کر رہا ہے۔ بنیادی صحت مراکز اور ٹیلی ہیلتھ سینٹرز کے لیے درکار افرادی قوت کی دستیابی کے ساتھ شفاف بھرتی کا نظام ادارے کی مجموعی کارکردگی کو بہتر بنانے اور عوام کو صحت کی معیاری سہولیات فراہم کرنے کی کوششوں کو تقویت دے سکتا ہے۔ ڈاکٹر ایم بی داریجو نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پی پی ایچ آئی بلوچستان میرٹ، شفافیت، پیشہ ورانہ صلاحیت اور ڈیجیٹل گورننس کے فروغ کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گا۔ انہوں نے کہا کہ ProMetriX کا تعارف ادارہ جاتی اصلاحات اور جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے بھرتی کے نظام کو بہتر بنانے کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے، جبکہ ٹیلی ہیلتھ سینٹرز سمیت بنیادی صحت کے نظام کے لیے اہل افرادی قوت کی دستیابی صوبے میں صحت کی خدمات کو مزید موثر بنانے میں اہم کردار ادا کرسکتی ہے۔

بقیہ 04

آئے تاہم دھماکوں کی نوعیت شدت اور ان کے نتیجے میں ہونے والے ممکنہ نقصانات سے متعلق تاحال مزید تفصیلات سامنے نہیں آسکیں۔ کوئٹہ کراچی شاہراہ بلوچستان میں آمدورفت اور مختلف علاقوں کے درمیان رابطے کے لیے ایک اہم گزرگاہ ہے واقعے میں کسی جانی نقصان کی اطلاع موصول نہیں ہوئی۔

بقیہ 05

منصوبوں پر پیش رفت کے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے جاری کیں اجلاس میں تمام چھ زونز کے چیف انجینئرز، آئی جی ڈیولپمنٹ احمد سلطان سپرنٹنڈنگ انجینئرز اور ضلعی ایگزیکٹو انجینئرز نے بذریعہ زوم شرکت کی اجلاس کے دوران نوٹیفیکیشن آف تھانہ کی 83 منصوبوں پر مختلف اضلاع کے انجینئرز نے اپنے اپنے علاقوں میں جاری پیش رفت کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی اور منصوبوں کو درپیش مالی اور تکنیکی مسائل سے آگاہ کیا سیکرٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان نے ہدایت کی کہ اہم نوعیت کے منصوبوں کی تکمیل میں کسی قسم کی سست روی برداشت نہیں کی جائے گی انہوں نے کہا کہ وقت کم اور چیلنجز زیادہ ہیں لہذا تمام انجینئرز اس بات کو یقینی بنائیں کہ منصوبوں کی بروقت تکمیل محکمہ کی اولین ترجیح رہے انہوں نے مزید ہدایت دی کہ منصوبوں کو درپیش تمام تکنیکی مسائل کو فوری طور پر حل کیا جائے سیکریٹری مواصلات وتعمیرات نے ایگزیکٹو انجینئرز بلڈنگز کو ٹائم لائن دیتے ہوئے کہا کہ مقررہ مدت تک ان منصوبوں کی تکمیل کو ہر صورت میں یقینی بنائی جائے بصورت دیگر متعلقہ حکام کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی انہوں نے مذید کہا کہ ان منصوبوں کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے سیکرٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان نے چیف انجینئرز اور ایس ایز کو ہدایت کی کہ وہ خود منصوبوں کا باقاعدگی سے دورہ کریں اور ہر دو ہفتے بعد پیش رفت رپورٹ ارسال کریں ان رپورٹس میں تکنیکی مسائل کی نشاندہی بھی شامل کی جائے تاکہ منصوبوں کی رفتار متاثر نہ ہو اور کام بلاتعطل جاری رہے۔

بقیہ 06

تدریسی ماحول، تعلیمی سرگرمیوں اور کالج میں دستیاب بنیادی سہولیات کا معائنہ کرتے ہوئے متعلقہ حکام کو تعلیمی ادارے کے انتظامی امور اور سہولیات کی بہتری کے لیے ضروری اقدامات یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ بعد ازاں اسسٹنٹ کمشنر نے کالج کی ریزیڈنس کالونی کا بھی دورہ کیا اور وہاں زیر تعمیر کوارٹرز کے تعمیراتی کام کا معائنہ کیا۔ انہوں نے تعمیراتی کام کے معیار، پیش رفت اور دیگر متعلقہ امور کا جائزہ لیتے ہوئے کام کو مقررہ معیار اور بروقت تکمیل کے مطابق یقینی بنانے پر زور دیا۔ اسسٹنٹ کمشنر خسرو دلاوری نے کہا کہ سرکاری تعلیمی اداروں میں طلبہ کو بہتر تعلیمی ماحول اور بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے، جبکہ جاری ترقیاتی کاموں میں معیار اور شفافیت کو ہر صورت ملحوظ خاطر رکھا جائے گا۔

بقیہ 07

میں اس میں آگ بھڑک اٹھی اور ایک شخص جھلس کر ہلاک اور ایک زخمی ہوگیا زخمی اور نعش کو ہسپتال منتقل کردیا گیا جن کا تعلق بسیمہ سے بتایا جاتا ہے۔

بقیہ 08

میں کہا گیا ہے کہ عرصہ دراز سے زمری شور، دمڑ پیڑی، تنگی شاہرگ، دام تنگی، سرکان، غزمی اور دیگر علاقوں میں مختلف مسلح گروہوں کو سرکاری سرپرستی اور سہولتیں فراہم کیے جانے کے سنگین الزامات سامنے آتے رہے ہیں، جس کے نتیجے میں وقتاً فوقتاً پرتشدد واقعات رونما ہوتے ہیں اور عام شہری ان کا نشانہ بنتے ہیں۔ یہ صورتحال ریاستی رٹ، قانون کی بالادستی اور عوامی حقوق کے منافی ہے۔ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کا موقف ہے کہ پشتون وطن کو بدامنی، خوف اور مسلح تنازعات کا میدان بنانے کی پالیسیوں نے عوام کو مسلسل عدم تحفظ سے دوچار کیا ہے۔ پارٹی مطالبہ کرتی ہے کہ ضلع ہرنائی، زیارت اور تمام پشتون اضلاع سے مسلح گروہوں کا خاتمہ کر کے شہری اور آئینی اداروں کی بالادستی کو یقینی بنایا جائے، عوام کے جان ومال کا تحفظ کیا جائے اور تمام معاملات کو سویلین انتظامیہ کے ذریعے قانون اور آئین کے دائرے میں حل کیا جائے۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ پائیدار امن، سیاسی استحکام اور عوامی اعتماد کی بحالی کا واحد راستہ یہ ہے کہ ریاستی ادارے غیر جانبداری، قانون کی حکمرانی اور شہری حقوق کے تحفظ کو یقینی بنائیں اور خطے کو ہر قسم کی مسلح مداخلت اور تنازعات سے پاک کیا جائے۔

بقیہ 09

زور دیا کہ وہ طلبہ کی تعلیم وتربیت پر خصوصی توجہ دیں اور اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ طلبہ کی بہتر تعلیم وتربیت اور معیاری تعلیمی ماحول کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی ترجیحات میں شامل ہے۔

بقیہ 10

کے طریقہ کار اور امور کار کے بارے میں جامع بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں قومی احتساب آرڈیننس (NAO) 1999 کے تحت NAB کے مینڈیٹ، آگاہی (Awareness)، انسداد بدعنوانی (Prevention) اور نفاذ قانون (Enforcement) پر مشتمل سہ جہتی حکمت عملی، شکایت کی تصدیق سے لے کر ریفرنس دائر ہونے تک کے مراحل، اور NAO میں حالیہ قانون سازی سے متعلق پیش رفت پر روشنی ڈالی گئی۔ ڈپٹی ڈائریکٹر جناب شوکت سرپارا کی سربراہی میں ایک وفد نے آگاہی سیشن میں شرکت کی۔ وفد نے کارروائی میں حصہ لیتے ہوئے کالج اساتذہ اور طلبہ میں بدعنوانی کی روک تھام، شفافیت، دیانت داری اور اچھی حکمرانی کے فروغ کے حوالے سے آگاہی کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ سیشن کے دوران کالج اساتذہ میں بدعنوانی کے اسباب اور اس کے منفی اثرات، سرکاری اداروں میں دیانت داری اور شفافیت کی اہمیت، اور معاشرے میں اخلاقی اقدار اور احتساب کے کلچر کے فروغ میں لیکچررز کے کردار کے حوالے سے آگاہی فراہم کی گئی۔ مقررین نے اس امر پر زور دیا کہ لیکچررز معاشرے کے بااثر ارکان ہونے کے ناطے نوجوان نسل میں ایمانداری، دیانت داری، ذمہ داری اور بدعنوانی کے خلاف عدم برداشت جیسے مثبت رویوں کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرسکتے ہیں۔ شرکاء نے سیشن میں بھرپور دلچسپی کا مظاہرہ کیا اور طلبہ میں بدعنوانی کے تدارک کے اقدامات اور اخلاقی اقدار کے حوالے سے مزید آگاہی فروغ دینے کے عزم کا اظہار کیا۔ سیشن کے اختتام پر سوال وجواب کا سیشن منعقد ہوا، جس کے دوران شرکاء کی جانب سے اٹھائے گئے مختلف سوالات کے جوابات دیے گئے۔ تقریب کے اختتام پر ڈائریکٹر آگاہی وانسداد بدعنوانی، جناب محمد سلیم احمد نے ڈپٹی ڈائریکٹر جناب محمد شوکت سرپارا کو یادگاری شیلڈ پیش کی۔ اس موقع پر شرکاء کے ہمراہ گروپ فوٹو بھی بنوائی گئی۔

بقیہ 11

رکھنی ماڈل بازار کے قریب کارروائی کرتے ہوئے ساڑھے تین ایکڑ سرکاری اراضی واگزار کرالی۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر نے موقع پر موجود اراضی کا معائنہ کیا اور متعلقہ اہلکاروں سے ریکارڈ اور اراضی کی صورتحال کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری اراضی عوامی مفاد اور ترقیاتی منصوبوں کے لیے مختص ہے، جس پر کسی قسم کا غیر قانونی قبضہ یا تجاوزات برداشت نہیں کی جائیں گی۔ انہوں نے متعلقہ اہلکاروں کو ہدایت کی کہ واگزار کرائی گئی سرکاری اراضی کی حفاظت یقینی بنائی جائے اور سرکاری املاک پر تجاوزات کی روک تھام کے لیے موثر اقدامات جاری رکھے جائیں۔

بقیہ 12

پروگرام (BISP) کی مالی معاونت سے محروم مستحق خاتون کا درپیش مسئلہ حل کر دیا گیا، جس سے بلوچستان کے دور دراز علاقوں کے عوام کو ان کی دہلیز پر بلا تاخیر انصاف کی فراہمی کی بہترین مثال قائم ہوئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق، ضلع خضدار کی تحصیل کرخ کے علاقے بھلوتک کی رہائشی محترمہ شاہ بی بی نے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) کی جانب سے طویل عرصے سے وظیفہ کی عدم ادائیگی کے خلاف وفاقی محتسب سیکرٹریٹ، ریجنل آفس خضدار میں باقاعدہ شکایت درج کروائی تھی۔ شکایت موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کے ریجنل آفس خضدار نے معاملے پر فوری کارروائی کا آغاز کیا اور بی آئی ایس پی (BISP) کے متعلقہ حکام کو طلب کرتے ہوئے باقاعدہ جواب دہی کی ہدایت کی۔ وفاقی محتسب کی سخت ہدایات اور مسلسل پیروی کے نتیجے میں متعلقہ ادارے نے اپنی غلطی کا ازالہ کرتے ہوئے درخواست گزار محترمہ شاہ بی بی کے اکاؤنٹ میں 14,500 روپے کی مالی معاونت منتقل کر دی۔ رقم موصول ہونے پر درخواست گزار محترمہ شاہ بی بی نے شدید مسرت اور کامل اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے وفاقی محتسب اعلیٰ اور ریجنل آفس خضدار کی کارکردگی کو سراہا اور ان کا شکریہ ادا کیا۔ مسئلہ فوری حل ہونے اور درخواست گزار کے مطمئن ہونے پر وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کی جانب سے مذکورہ شکایت کو کاملاً نمٹا دیا گیا ہے۔ اس موقع پر ترجمان وفاقی محتسب کا کہنا تھا کہ ادارہ بلوچستان کے دور افتادہ علاقوں کے غریب، مظلوم اور مستحق افراد کو بلا معاوضہ اور فوری انصاف کی فراہمی کے لیے دن رات کوشاں ہے۔ وفاقی محتسب کا مقصد سرکاری اداروں میں ناانصافی اور بدانتظامی کا خاتمہ کر کے بالخصوص کمزور طبقات کے حقوق کا تحفظ یقینی بنانا ہے۔

بقیہ 13

میر قلیل لہڑی، ڈپٹی جنرل سیکرٹری صلاح الدین بزئی، سیکرٹری اطلاعات سرور جان مندوخیل، سیکرٹری فنانس محمد ادریس جان لانگو، نائب صدر سراج خان کاکڑ، رابطہ سیکرٹری نورت میر پیروز ملازئی، آل بلوچستان رابطہ سیکرٹری سمیع اللہ کاکڑ، نائب صدر محمد انور ترین، سینئر نائب صدر حاجی محمد ابراہیم اچکزئی، آفس سیکرٹری میر ابرار رئیسانی، نائب صدر میر عدنان لہڑی، رابطہ سیکرٹری ساتھ میر سلیم ہنگورئی اور نائب صدر صاحبزادہ بسم اللہ خان نے آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کی کوششوں سے ٹھیکیدار برادری کو درپیش مسائل حل ہورہے ہیں ایسوسی ایشن کے عہدیداروں کی کوششوں سے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، حکومت بلوچستان محکمہ منصوبہ بندی وترقیات نے بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشی ایٹو (بی ایس ڈی آئی) کے تحت تمام منصوبوں اور اسکیموں کی خریداری کے لئے ای بڈنگ لازمی قرار دی ہے جس کا آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن خیر مقدم کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بی ایس ڈی آئی (BSDI) کے زیر اہتمام مختلف کاموں کیلئے ٹینڈرنگ کا عمل جاری تھا جس پر ٹھیکیدار برادری کو تحفظات تھے اور بی ایس ڈی آئی کے ٹھیکے ہوٹلوں میں بیٹھ کر من پسند ٹھیکیداروں کو فروخت کیے جارہے تھے جس کے خلاف آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن نے بھرپور آواز بلند کی اور متعلقہ حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا جس پر حکومت بلوچستان نے فوری کارروائی کرتے ہوئے بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشی ایٹو کے تحت تمام منصوبوں اور اسکیموں کیلئے ای بڈنگ لازمی قرار دیدی ہے جس سے ٹینڈر کا عمل شفاف بنانے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا شکریہ ادا کرتی ہے جنہوں نے ایسوسی ایشن کی درخواست پر نوٹس لیتے ہوئے بی ایس ڈی آئی پروگرام کو کرپشن سے پاک کرنے کیلئے عملی اقدامات اٹھائے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے قبائلی علاقوں میں کام کرنے والے ٹھیکیداروں کو انکم ٹیکس سے استثنیٰ حاصل تھا لیکن حکومت نے ایسے تمام کاموں جو پہلے ٹیکس سے مستثنیٰ تھے جون 2026ء کے بعد فنانس ایکٹ میں ترمیم کر کے ٹیکس چھوٹ ختم کر دی جس سے ٹھیکیداروں میں تشویش پائی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس فیصلے کا اطلاق ان جاری کاموں پر بھی کیا جارہا ہے جو جون 2026ء سے پہلے کے ہیں جو کہ ٹھیکیدار برادری کے ساتھ سراسر ظلم ہے۔ ایسوسی ایشن اس ظالمانہ اقدام کو بلوچستان ہائی کورٹ میں چیلنج کرنے جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ قبائلی علاقوں میں جو ٹھیکیدار اور فرمز، کمپنیاں کام کر رہی ہیں جو اس فیصلے سے متاثر ہو رہی ہیں وہ فوری طور پر آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن سے رابطہ کر کے اپنے ورک آرڈر، پی سی ون، این ٹی این، قومی شناختی کارڈ، لیٹر ہیڈ بمعہ دستخط واسٹمپ جمع کروائیں تاکہ حکومت کے اس فیصلے کو بلوچستان ہائیکورٹ میں چیلنج کیا جاسکے۔

بقیہ 14

وفاقی محتسب کے پاس درخواست دائر کی تھی کہ ان کا ایزی پیسہ اکاؤنٹ سال 2021ء سے متعلقہ انتظامیہ کی جانب سے بغیر کسی پیشگی اطلاع یا معقول وجہ کے بلاک کر دیا گیا تھا۔ سائل کا موقف تھا کہ اکاؤنٹ کی بلاکنگ کے باعث وہ اپنی جمع شدہ رقم نکالنے اور استعمال کرنے سے محروم تھے، جس سے وہ شدید ذہنی اور مالی مشکلات کا شکار رہے۔ وفاقی محتسب نے شہری کی درخواست پر فوری ایکشن لیتے ہوئے متعلقہ ادارے اور ایزی پیسہ انتظامیہ کو نوٹس جاری کیا اور معاملے کی باریک بینی سے چھان بین کی ہدایت کی۔ محتسب کے تحت نوٹس اور باقاعدہ پیروی کے نتیجے میں متعلقہ انتظامیہ نے تکنیکی و انتظامی رکاوٹوں کو دور کرتے ہوئے سائل کا بلاک شدہ ایزی پیسہ اکاؤنٹ مکمل طور پر بحال کر دیا۔ اکاؤنٹ کی بحالی کے بعد سائل ظفر اللہ نے اپنی رقم کی دستیابی اور اکاؤنٹ کے فعال ہونے کی باضابطہ تصدیق کی اور وفاقی محتسب کی جانب سے فراہم کردہ فوری و بلا معاوضہ انصاف پر ادارے کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کامل اطمینان کا اظہار کیا۔ سائل کے اطمینان بخش بیان کے بعد وفاقی محتسب نے مذکورہ کیس کو کامیابی کے ساتھ داخل دفتر (Disposed of) کر دیا۔ اس موقع پر وفاقی محتسب کے ترجمان نے اپنے بیان میں کہا کہ تمام وفاقی اداروں اور سروس فراہم کرنے والے اداروں کے خلاف عوامی شکایات کا ازالہ ادارے کی اولین ترجیح ہے۔ عام شہریوں کو بلا تاخیر، بغیر کسی وکیل یا اخراجات کے ان کی دہلیز پر انصاف کی فراہمی کو یقینی بنایا جارہا ہے تاکہ عوام کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل ہوسکیں۔

بقیہ 15

اجازت نہیں دی جائے گی اور مطالبات پر عمل درآمد نہ ہونے کی صورت میں یونیورسٹی سب کیمپس کے سامنے بھرپور احتجاج کیا جائے گا۔ اپنے بیان میں حافظ خالد الرحمن شاہوانی نے کہا کہ بلوچستان پہلے ہی تعلیمی بحران سے دوچار ہے ایسے میں بلوچستان یونیورسٹی مستونگ سب کیمپس علاقے کے طلبہ وطالبات کے لیے اعلیٰ تعلیم کے حصول کی ایک اہم امید بن کر سامنے آیا تھا لیکن طویل عرصے سے تدریسی سرگرمیوں کی بندش نے طلبہ کے مستقبل کو شدید خطرات سے دوچار کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تعلیمی اداروں کا بنیادی مقصد نوجوان نسل کو معیاری تعلیم کی فراہمی اور ان کے مستقبل کو روشن بنانا ہے۔ مگر مستونگ سب کیمپس میں تدریسی سرگرمیوں کا تعطل طلبہ وطالبات کے قیمتی وقت کے ضیاع اور ان کے تعلیمی نقصان کا سبب بن رہا ہے۔ یہ صورتحال نہ صرف طلبہ بلکہ ان کے والدین کے لیے بھی شدید تشویش کا باعث ہے۔ ڈپٹی کمشنر مستونگ کی جانب سے متعلقہ حکام کو خط لکھے جانے کے باوجود تدریسی سرگرمیوں کی بحالی عمل میں نہ آنا متعلقہ ذمہ داران کی کارکردگی اور سنجیدگی پر سوالیہ نشان ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ اس سنگین مسئلے کو مزید تاخیر کا شکار بنانے کے بجائے فوری اور موثر اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے متعلقہ حکام سے پرزور مطالبہ کیا کہ ایک ہفتے کے اندر سب کیمپس کے تمام شعبہ جات میں باقاعدہ کلاسز، لیکچرز لیبارٹریوں اور عملی تدریسی سرگرمیوں کا آغاز یقینی بنایا جائے تاکہ طلبہ وطالبات کا تعلیمی حرج روکا جاسکے اور انہیں اپنی تعلیم جاری رکھنے کے لیے سازگار ماحول فراہم کیا جائے۔ اگر مقررہ مدت کے اندر تدریسی سرگرمیاں بحال نہ کی گئیں تو جماعت اسلامی مستونگ طلبہ وطالبات کے ہمراہ یونیورسٹی سب کیمپس کے سامنے بھرپور احتجاج کرے گی۔ انہوں نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ طلبہ کے تعلیمی حقوق پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور اس اہم تعلیمی ادارے کو زوال سے بچانے، تعلیمی نظام کی بحالی اور نوجوانوں کے مستقبل کے تحفظ کے لیے ہر آئینی اور پرامن جدوجہد میں طلبہ کے شانہ بشانہ کھڑے رہیں گے۔

بقیہ 16

ریہیبلیٹیشن سینٹر منتقل کر دیا جبکہ منشیات سپلائی کرنے والے نیک محمد کے خلاف کارروائی شروع کردی گئی۔

بقیہ 17

سائیکل اور اسلحہ ایمونیشن برآمد کرلیا ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی خصوصی ہدایت پر سٹلائٹ ٹاؤن پولیس نے نیک محمد کے قبضے سے ایک کلو 50 گرام چرس برآمد کرلی۔ پشتون آباد پولیس نے چیکنگ کے دوران اسرار اللہ اور معیز ارشد سے اسلحہ ایمونیشن برآمد کرلیا اس کے علاوہ تھانہ شہید امیر محمد دستی کے عملے نے مفرور ملزمان زاہد اور بابو خلیل کو گرفتار کرلیا اور تمام گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر کے کارروائی شروع کردی۔

بقیہ 18

کمشنر نے متعلقہ اہلکاروں کو ہدایت دی کہ شہریوں کو پٹرول کی مقررہ مقدار کی فراہمی یقینی بنائی جائے اور کسی بھی قسم کی کم پیمائی یا خلاف ورزی برداشت نہیں کی جائے گی۔ عوامی حلقوں نے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے بازار میں اس طرح کی چیکنگ اور کارروائی کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ ایسی کارروائیاں مستقبل میں بھی باقاعدگی سے جاری رکھی جائیں۔

بقیہ 19

کہ انڈس ہسپتال میں او پی ڈی کے علاوہ 24 گھنٹے مفت ایمرجنسی سروس، مفت ایمبولینس سروس اور دیگر طبی سہولیات بھی دستیاب ہیں۔ بیک وقت دو خواتین اور دو مرد ڈاکٹرز 24 گھنٹے مریضوں کی خدمت کے لیے موجود رہتے ہیں، جو نوکنڈی جیسے دور افتادہ علاقے کے عوام کے لیے ایک اہم اور قابل قدر سہولت ہے۔ میر سعید احمد کبدانی نے مزید کہا کہ ہنر فاؤنڈیشن ٹیکنیکل سینٹر نوکنڈی میں بھی آر ڈی ایم سی کی فنڈنگ سے نوجوانوں کو مختلف فنی و تکنیکی ہنر مفت سکھائے جارہے ہیں اور انہیں عملی تربیت فراہم کی جارہی ہے۔ اس سے قبل مستحق طلبہ کو تربیت کے ساتھ فوڈ الاؤنس کی مد میں بھی مالی معاونت فراہم کی جاتی رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کو ہنرمند بنانے کے یہ اقدامات علاقے کے مستقبل کے لیے انتہائی اہم ہیں۔ انہوں نے آر ڈی ایم سی کی جانب سے کمیونٹی ڈویلپمنٹ اور سی ایس آر فنڈز کے تحت جاری فلاحی و ترقیاتی منصوبوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ ہم آر ڈی ایم سی کی ان کاوشوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اور عوام کو صحت، تعلیم اور ہنر کی سہولیات فراہم کرنے پر آر ڈی ایم سی کی انتظامیہ کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہیں۔ تاہم میر سعید احمد کبدانی نے انڈس ہسپتال نوکنڈی اور ہنر فاؤنڈیشن نوکنڈی کی انتظامیہ کے حوالے سے شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دونوں ادارے اس وقت لیبر سوشل ویلفیئر کی عمارت میں قائم ہیں، اور یہ جگہ کبدانی قبیلے کی جانب سے اس شرط پر آر ڈی ایم سی کو فراہم کی گئی تھی کہ یہاں کی فورتھ کلاس کی آسامیوں اور ٹھیکوں پر کبدانی قبیلے کے مقامی افراد کو روزگار کے مواقع فراہم کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ افسوس کی بات ہے کہ انڈس ہسپتال نوکنڈی اور ہنر فاؤنڈیشن نوکنڈی میں کبدانی قبیلے سے تعلق رکھنے والے نوجوانوں کو ترجیح نہیں دی جارہی، جو ہمارے لیے باعث تشویش ہے۔ ہم کسی دوسرے قبیلے یا برادری کے افراد کو دی جانے والی ملازمتوں کے خلاف نہیں ہیں۔ ہر مستحق اور اہل مقامی فرد کو روزگار ملنا چاہیے، لیکن جس قبیلے نے اس ادارے کے قیام کے لیے اپنی جگہ فراہم کی، اس کے لوگوں کو مکمل طور پر نظرانداز کرنا کسی صورت مناسب نہیں۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ کیا کبدانی قبیلے کے لوگوں کا اپنے علاقے میں روزگار پر کوئی حق نہیں؟ اگر دیگر مقامی قبائل کے افراد کو ملازمتیں دی جاسکتی ہیں تو کبدانی قبیلے کے اہل اور مستحق نوجوانوں کو مسلسل نظرانداز کیوں کیا جارہا ہے؟ میر سعید احمد کبدانی نے انڈس ہسپتال اور ہنر فاؤنڈیشن کی انتظامیہ سے مطالبہ کیا کہ کبدانی قبیلے کے ساتھ کیے گئے وعدے اور مقامی حقوق کو مدنظر رکھتے ہوئے فورتھ کلاس کی تمام دستیاب اور آئندہ آنے والی آسامیوں میں کبدانی قبیلے کے اہل مقامی افراد کو مناسب نمائندگی اور روزگار کے مواقع فراہم کیے جائیں انہوں نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ کبدانی قبیلہ اپنے جائز حق سے دستبردار نہیں ہوگا۔ آج کے بعد اگر کبدانی قبیلے کے اس جائز مطالبے کو سنجیدگی سے نہیں لیا گیا، فورتھ کلاس کی آسامیوں اور یہاں پر ٹھیکوں میں کبدانی قبیلے کے نوجوانوں کو روزگار فراہم نہ کیا گیا تو کبدانی قبیلہ اپنے حقوق کے حصول کے لیے آئینی، قانونی اور پرامن جمہوری احتجاج کا راستہ اختیار کرے گا۔ انہوں نے خبردار کیا کہ مطالبات پر فوری توجہ نہ دی گئی تو انڈس ہسپتال نوکنڈی اور ہنر فاؤنڈیشن نوکنڈی کے دفاتر کے سامنے احتجاجی دھرنا دیا جائے گا اور باقاعدہ احتجاجی تحریک کا اعلان کیا جائے گا، جس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ انتظامیہ پر عائد ہوگی۔

بقیہ 20

کو 8 ماہ گزرنے کے باوجود ان سے کئے گئے وعدے پورے نہیں کئے جارہے اور نہ ہی رجسٹرڈ امیدواروں میں شفاف طریقے سے چیک تقسیم کئے جارہے ہیں جس کی وجہ سے حقداروں کی حق تلفی ہورہی ہے اگر ہمیں ہمارا حق نہ دیا گیا تو ہم احتجاج کرنے پر مجبور ہوں گے یہ بات انہوں نے جمعہ کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کہی۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے چند ماہ قبل بی ٹیوٹا کے ذریعے بلوچستان کے پڑھے لکھے نوجوانوں کو روزگار کیلئے بھیجنے کا وعدہ کیا تھا اور صوبائی حکومت ان کے اخراجات کا 50 فیصد ادا کرے گی کا کہا تھا اور یقین دہانی کرانے پر ہم نے اپنی رجسٹریشن کروائی، بینک اکاؤنٹس کھلوائے اور تمام پرسنل معلومات بی ٹیوٹا کے حوالے کیں کہ ہمیں جلد ہی وزیر اعلیٰ بلوچستان کی جانب سے بینک یا چیک کے ذریعے امداد دی جائے گی لیکن کچھ نہیں ہوا 8 ماہ سے تاریخ پر تاریخ دی جارہی ہے کوئی حتمی تاریخ نہیں بتائی جارہی اور بی ٹیوٹا حکام رجسٹرڈ امیدواروں کی کال کا جواب بھی نہیں دے رہے جبکہ من پسند افراد کو چیک دیے گئے ہیں باقی سینکڑوں رجسٹرڈ امیدوار آج بھی چیک کے منتظر ہے ہماری وزیر اعلیٰ بلوچستان سے اپیل ہے کہ ہمیں فوری طور پر چیک تقسیم کرنے کی حتمی کنفرم تاریخ دیکر رجسٹرڈ امیدواروں کو صاف اور شفاف طریقے سے چیک دیئے جائیں بصورت دیگر ہم احتجاج کرنے پر مجبور ہوں جس سے حالات کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ حکام پر عائد ہوگی۔

بقیہ 21

وف سرپرست اعلیٰ مولانا ڈاکٹر شمس الھدیٰ مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ نے سعودی عرب پر حوثی ملیشیا کے ڈرون ومیزائل حملے کی شدید مذمت اور سعودی عرب سے یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جمعیت نظریاتی کے کارکن سعودی عرب اور حرمین شریفین کی تحفظ کیلئے ہمہ وقت تیار ہے سعودی عرب پر حملہ پورے عالم اسلام اور تمام مسلمانوں کے جذبات پر حملہ ہے سعودی عرب اور حرمین شریفین کے تحفظ امت مسلمہ کی اولین ترجیح رہا ہے۔ سعودی عرب پر کسی بھی قسم کی بیرونی جارحیت یا اندرونی خطرہ پورے عالم اسلام کی سلامتی پر حملہ تصور کیا جائے گا۔ حرمین شریفین کی حرمت پامالی امت مسلمہ کے لیے محض ایک سیاسی یا جغرافیائی واقعہ نہیں، بلکہ تمام مسلمانوں کے دل و روح پر ایک گہرا زخم ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حرمین شریفین کے تحفظ اور احترام کے معاملے پر تمام دنیا کی امت مسلمہ ایک بنیان مرصوص کی طرح یکجا ہوجاتی ہے۔ حرمین شریفین کی حرمت اور امن کا تحفظ اسلام کا بنیادی تقاضا اور اجتماعی فریضہ ہے۔ شعائر اسلام کا دفاع اور ان کی حرمت کی پاسداری صرف ایک خطے کا مسئلہ نہیں، بلکہ پورے عالم اسلام کا مشترکہ فریضہ ہے۔ خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سعودی عرب کی سلامتی واستحکام سے دنیا بھر کے مسلمانوں کے جذبات وابستہ ہیں۔ حرمین شریفین کی سرزمین پر کسی بھی قسم کا حملہ، اشتعال انگیزی یا خطرہ ناقابل برداشت ہے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عالم اسلام کے حکمران سعودی عرب کی خودمختاری، سلامتی اور پائیدار امن کے دفاع کے لیے مشترکہ فوج تشکیل دیا جائے اور درپیش خطرات کا بروقت تدارک کیا جاسکے۔ عالمی سطح پر مسلم دنیا کے حکمران سیاسی، سفارتی اور عسکری محاذوں پر مربوط انداز دفاعی خود انحصاری کو فروغ دیا جارہا ہے۔

بقیہ 22

حاضری ونظم وضبط، تعلیمی معیار اور درپیش مسائل کا جائزہ لیا گیا۔ پرنسپل نے کالج کی سالانہ کارکردگی رپورٹ پیش کرتے ہوئے کہا کہ تعلیمی معیار میں بہتری کے لیے اساتذہ کی موثر تدریس، والدین کی مسلسل رہنمائی ونگرانی اور طلباء کی باقاعدہ حاضری، محنت اور نظم وضبط بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔ والدین اور سول سوسائٹی کے نمائندوں نے کالج کی بہتری کے لیے اپنے اپنے تجاویز پیش کرتے ہوئے انتظامیہ پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا اور تعلیمی ماحول کو مزید بہتر بنانے کے لیے اپنے بھرپور تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ اجلاس میں کہا گیا کہ باہمی تعاون کے ذریعے طلباء کی تعلیمی واخلاق تربیت اور مجموعی کارکردگی کو مزید بہتر بنایا جائے گا

بقیہ 23

سرجری انجام دی گئی، جس پر مالدار نے ہسپتال انتظامیہ اور ویٹرنری عملے کی خدمات کو سراہتے ہوئے ان کا شکریہ ادا کیا ڈاکٹر صابر علی بلوچ نے کہا کہ مویشیوں کو بروقت علاج معالجے کی سہولیات فراہم کرنا محکمہ کی ترجیحات میں شامل ہے۔ محکمہ مالداروں کی معاونت، مویشیوں کی بہتر نگہداشت اور لائیو اسٹاک کے شعبے کی ترقی کے لیے اپنی خدمات جاری رکھے ہوئے ہے ان کا کہنا تھا کہ محکمہ امور حیوانات گوادر کے مالداروں کو دستیاب وسائل کے مطابق ویٹرنری سہولیات فراہم کرنے اور مویشیوں کی صحت کے تحفظ کے ہرممکن اقدامات کررہے ہیں

بقیہ 24

حب کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس موقع پر کمانڈر 87 ونگ کرنل شاہد بلال بھی ان کے ہمراہ تھے ڈپٹی کمشنر نے آئی ٹی حب کے مختلف حصوں کا معائنہ کیا اور جاری تعمیراتی کام کی پیش رفت، معیار اور منصوبے کی مجموعی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے تعمیراتی کام میں استعمال ہونے والے میٹریل، تعمیراتی معیار، ڈیزائن اور منظور شدہ منصوبے کے مطابق جاری سرگرمیوں کا بھی معائنہ کیا اس موقع پر ڈپٹی کمشنر فضل الرحمٰن کبدانی نے متعلقہ حکام اور ذمہ داران کو ہدایت کی کہ تعمیراتی کام میں معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے اور منصوبے کے تمام امور منظور شدہ ڈیزائن، مقررہ معیار اور تکنیکی تقاضوں کے مطابق مکمل کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کی تعمیر میں معیار کو اولین ترجیح دی جائے تاکہ عوام اور طلبہ کو دیرپا اور معیاری سہولیات فراہم کی جاسکیں ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ BSDI پروگرام کے تحت جاری ترقیاتی منصوبے ضلع کی میں بنیادی سہولیات، تعلیم انفارمیشن ٹیکنالوجی اور دیگر اہم شعبوں کی بہتری میں اہم کردار ادا کررہے ہیں۔ جدید آئی ٹی حب جیسے منصوبے طلبہ اور نوجوانوں کو جدید ٹیکنالوجی سے روشناس کرانے اور انہیں دور حاضر کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے میں معاون ثابت ہوں گے انہوں نے مزید ہدایت کی کہ منصوبے کی بروقت تکمیل کے ساتھ تعمیراتی معیار کو بھی ہر صورت یقینی بنایا جائے تاکہ اس اہم منصوبے کے ثمرات جلد از جلد طلبہ اور علاقے کے عوام تک پہنچ سکیں۔

بقیہ 25

وسلیمان ڈویژن ڈاکٹر محمد سلیم زرکون کی زیر صدارت گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائی سکول کوہلو میں کلسٹر بجٹ، تعلیمی سہولیات اور اسکولوں کو درپیش مسائل کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کوہلو جعفر خان زرکون، ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن میل حفیظ اللہ مری، پرنسپل حاجی تاج محمد مری اور کلسٹر سے منسلک فیڈنگ اسکولز کے اساتذہ نے شرکت کی۔ اس موقع پر ڈاکٹر محمد سلیم زرکون نے اساتذہ کے مسائل اور تجاویز سنے اور تعلیمی سہولیات کی بہتری سے متعلق امور کا جائزہ لیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ کلسٹر کے تحت 17 فیڈنگ اسکولز کو مطلوبہ سامان فراہم کر دیا گیا ہے۔ ڈویژنل ڈائریکٹر اسکولز نے ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر میل کوہلو کو ہدایت کی کہ تمام متعلقہ اسکولوں میں فراہم کردہ سامان کی دستیابی، مقدار اور ریکارڈ کی باقاعدہ تصدیق کی جائے تاکہ شفافیت اور جواب دہی کو یقینی بنایا جاسکے۔

بقیہ 26

وسلیمان ڈویژن ڈاکٹر محمد سلیم زرکون کی زیر صدارت گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائی سکول کوہلو میں کلسٹر بجٹ، تعلیمی سہولیات اور اسکولوں کو درپیش مسائل کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کوہلو جعفر خان زرکون، ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن میل حفیظ اللہ مری، پرنسپل حاجی تاج محمد مری اور کلسٹر سے منسلک فیڈنگ اسکولز کے اساتذہ نے شرکت کی۔ اس موقع پر ڈاکٹر محمد سلیم زرکون نے اساتذہ کے مسائل اور تجاویز سنے اور تعلیمی سہولیات کی بہتری سے متعلق امور کا جائزہ لیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ کلسٹر کے تحت 17 فیڈنگ اسکولز کو مطلوبہ سامان فراہم کر دیا گیا ہے۔ ڈویژنل ڈائریکٹر اسکولز نے ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر میل کوہلو کو ہدایت کی کہ تمام متعلقہ اسکولوں میں فراہم کردہ سامان کی دستیابی، مقدار اور ریکارڈ کی باقاعدہ تصدیق کی جائے تاکہ شفافیت اور جواب دہی کو یقینی بنایا جاسکے۔

بقیہ 27

واپڈا، صحت، تعلیم، واسا، پی ایچ ای، صفا کوئٹہ، پولیس اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ کھلی کچہری میں کچلاک کے قبائلی، سیاسی وسماجی نمائندوں، عمائدین علاقہ اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر شہریوں نے بجلی، گیس، پانی، صحت، تعلیم، صفائی، نادرا، ریونیو، اراضی کے مسائل، سڑکوں، امن وامان اور دیگر بنیادی سہولیات سے متعلق اپنے مسائل، شکایات اور تجاویز پیش کیں۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ (ویسٹ) منیر احمد درانی نے شہریوں کے مسائل اور شکایات کو تفصیل سے سنا اور مختلف امور پر موقع پر ہی متعلقہ محکموں کے افسران کو ضروری اقدامات اور مسائل کے فوری حل کے لیے ہدایات جاری کیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ عوامی مسائل کے حل میں کسی قسم کی غفلت یا تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر منیر احمد درانی نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور ان کے مسائل کا بروقت ازالہ ہے۔ کچلاک میں امن وامان، تعلیم، صحت، کھیل، صفائی، پانی اور دیگر شعبوں کی بہتری کے لیے تمام متعلقہ محکموں کے ساتھ مل کر عملی اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ کچلاک کی ترقی اور خوشحالی کے لیے بلاامتیاز کام کیا جائے گا اور عوامی نمائندوں، قبائلی عمائدین اور شہریوں کی مشاورت سے مسائل کے حل کو یقینی بنایا جائے گا۔ کھلی کچہری کا مقصد عوام اور انتظامیہ کے درمیان براہ راست رابطے کو مزید موثر بنانا اور شہریوں کو ان کی دہلیز پر ریلیف فراہم کرنا ہے۔

بقیہ 28

پڑتا ہے۔ نیشنل بینک کی برانچ قائم ہونے سے عوام کو رقم کی ترسیل، اکاؤنٹس، سرکاری ادائیگیوں اور دیگر بینکاری سہولیات تک رسائی میں آسانی حاصل ہوسکتی ہے۔ حکام بالا اور نیشنل بینک آف پاکستان کی انتظامیہ سے مطالبہ ہے کہ نال میں نیشنل بینک کی برانچ کے قیام کی منظوری کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں، تاکہ علاقے کے عوام کو ان کے اپنے شہر میں بینکاری سہولیات میسر آسکیں

بقیہ 29

جس کی مشترکہ صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر (ڈی ایچ او) ہرنائی اور ڈسٹرکٹ منیجر (ڈی ایم) پی پی ایچ آئی نے کی۔ اجلاس میں ضلع کے اہم طبی و انتظامی حکام اور صحت کے شعبے میں کام کرنے والے شراکت دار اداروں کے نمائندوں نے بھرپور شرکت کی۔؟ اجلاس میں ایم ایس ڈی ایچ کیو ہسپتال ہرنائی، ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر انڈس ہسپتال اینڈ ہیلتھ نیٹ ورک (آئی ایچ ایچ این)، ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر بے نظیر نشوونما پروگرام (بی این پی)، مانیٹرنگ اینڈ ایویلیوایشن افسران سمیت تمام بنیادی مراکز صحت کے انچارجز نے شرکت کی اجلاس کے دوران ستمبر کے مہینے میں ضلع بھر کے تمام بنیادی مراکز صحت کی کارکردگی کا پوائنٹ وائز تفصیلی تفتیشی جائزہ لیا گیا۔ انڈیکیٹرز کے مطابق درج ذیل شعبہ جات کا الگ الگ جائزہ لیا گیا تمام بی ایچ یوز میں مریضوں کی آمد اور علاج ومعالجے کی سہولیات کی فراہمی کا جائزہ، دوران حمل دیکھ بھال، زچگی کے حفاظتی اقدامات اور نومولود بچوں کی نگہداشت سے متعلق سروسز پر اطمینان کا اظہار، بچوں کو موذی بیماریوں سے بچاؤ کی ویکسینیشن کوریج کا باریک بینی سے معائنہ اور کوریج بڑھانے پر زور، سوء تغذیہ کے شکار بچوں کی بروقت شناخت کر کے انہیں بے نظیر نشوونما پروگرام اور انڈس نیٹ ورک کے غذائی پروگرامز میں ریفر کرنے کے طریقہ کار کو مزید موثر بنانے کا اعادہ۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر ارشد حسین جمالی ہرنائی کی زیر صدارت بلائے گئے خصوصی ہیلتھ کانفرنس کے فیصلوں سے تمام شرکاء کو تفصیل سے آگاہ کیا گیا، جس میں ضلع میں خسرہ اور چکن پاکس کے مشتبہ کیسز سے متعلق حکمت عملی طے کی گئی تھی۔ ڈسٹرکٹ منیجر پی پی ایچ آئی اور ڈی ایچ او نے تمام بنیادی مراکز صحت کے انچارجز کو سخت ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ وہ اپنے روایتی دائرہ کار سے آگے بڑھ کر اپنے علاقوں میں خسرہ، چکن پاکس اور بچوں کی روٹین ویکسینیشن کے حوالے سے عوام میں پائی جانے والی غلط فہمیوں اور بے بنیاد خدشات کے خاتمے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر آگاہی مہمات چلائیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ ویکسینیشن کے خلاف افواہوں کا سدباب کرنا اور والدین میں آگاہی پیدا کرنا انتظامیہ اور طبی عملے کی اولین ترجیح ہے۔ اجلاس کے اختتام پر ضلع میں صحت کی سہولیات کو مزید فعال بنانے اور عوام تک معیاری صحت کی رسائی ممکن بنانے کے لیے مشترکہ عزم کا اعادہ کیا گیا۔

بقیہ 30

سے استفادہ حاصل کرتے ہوئے عوام کے جان و مال کے تحفظ کو ممکن بنایا جارہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز زیر تعمیر سیف سٹی پراجیکٹ گوادر کے دورہ کے موقع پر منصوبے کی پیش رفت، تنصیب کیے جانے والے جدید نگرانی کے نظام، کمانڈ اینڈ کنٹرول سہولیات اور مجموعی سیکیورٹی ڈھانچے کے حوالے سے معائنہ کرنے کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا اور انہیں منصوبے کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ انہوں نے کہا کہ سیف سٹی پراجیکٹ کی تکمیل سے گوادر شہر میں امن و امان کی صورتحال مزید بہتر ہوگی، جرائم کی روک تھام میں مدد ملے گی اور شہریوں کو محفوظ ماحول کی فراہمی یقینی بنائی جاسکے گی۔ منصوبہ جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے قانون نافذ کرنے والے اداروں کی استعداد کار بڑھانے میں بھی اہم کردار ادا کرے گا۔ بعد ازاں ڈسٹرکٹ کورٹس گوادر کا دورہ کیا جہاں عدالتی احاطے میں نافذ سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا اور داخلی و خارجی راستوں، سیکیورٹی چیکنگ کے نظام، تعینات اہلکاروں کی کارکردگی اور عوامی سہولت کے لیے کیے گئے انتظامات کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر عدالتی سیکیورٹی کو مزید موثر بنانے کے حوالے سے مختلف امور بھی زیر بحث لائے گئے اور انہوں نے ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج گوادر سے ملاقات کی جس میں عدالتی امور، سیکیورٹی اقدامات اور قانون کی بالادستی کے فروغ سے متعلق مختلف معاملات پر گفتگو کرتے ہوئے اس امر پر اتفاق کیا گیا کہ عدالتی اداروں کا محفوظ اور پرامن ماحول انصاف کی بروقت فراہمی کے لیے ناگزیر ہے، جبکہ متعلقہ اداروں کے درمیان موثر رابطہ اور تعاون عوامی اعتماد کو مزید مستحکم بنانے میں معاون ثابت ہوگا۔ دورے کے اختتام پر اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ گوادر میں سیکیورٹی، عدالتی تحفظ اور جدید شہری نگرانی کے نظام کو مزید بہتر بنانے کے لیے تمام متعلقہ اداروں کے ساتھ بھرپور تعاون جاری رکھا جائے گا تاکہ شہریوں کو ایک محفوظ، پرامن اور قانون دوست ماحول فراہم کیا جاسکے۔

بقیہ 31

فون نمبر 0812441596 پر صارفین کی شکایات معلوم کریں گے۔ آن لائن کچہری میں ایگزیکٹو انجینئر اور ریونیو آفیسرز کی موجودگی میں صارفین کی شکایات کے ازالے کیلئے اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ لہٰذا کوئٹہ شہر کے تمام سب ڈویژنز کے صارفین جن میں لیاقت بازار، مری آباد، کینٹ، کچہری، عالم خان، بروری، کرانی، سریاب، شیخ ماندہ، سپنی روڈ، سٹلائٹ ٹاؤن، مہردر، گوالمنڈی، پشتون آباد اور کچلاک شامل ہیں اُنکے صارفین بجلی سے متعلق مسائل کے حل کیلئے اس کچہری میں شرکت کریں نیز تمام صارفین اپنے بجلی بل کا حوالہ نمبر بھی بطور ریفرنس نوٹ کروالیں تاکہ اُن کی شکایات کا فوری ازالہ یقینی بنایا جاسکے۔

بقیہ 32

دیگر پولیس آفیسران، تاجر تنظیموں کے صدور، نمائندے، علماء کرام اور علاقے کے معززین اور معتبرین بھی موجود تھے۔ ایس پی ڈویژن نے کہا کہ پولیس کی جانب سے عوام کے دیرینہ مسائل کے حل اور شہریوں، دکانداروں کے پولیس کے ساتھ مثبت روابط کو مضبوط بنانے کے لئے کھلی کچہریوں کا سلسلہ شروع کیا گیا ہے، جس میں شہری اور علاقہ مکین آکر اپنے مسائل کے حل کیلئے رابطہ کرنے کے ساتھ ساتھ مثبت پولیسنگ، پولیس اور عوام کے درمیان مضبوط اور مثبت رابطوں کو پروان چڑھانے اور بہتر بنانے کے لئے آئے اس موقع پر سائلین کی جانب سے اپنے مسائل کے حوالے سے جو درخواستیں دی گئیں ان پر فوری طور پر احکامات جاری کرتے ہوئے مسائل کے حل کو یقینی بنانے ہوئے آئندہ بھی پولیس شہریوں کے جان و مال کے تحفظ، قانونی مسائل کے حل کیلئے بھرپور تعاون اور اپنا کردار ادا کرتی رہے گی

بقیہ 33

کہ بچیوں کی تعلیم پر توجہ دینا ایک ترقی یافتہ، باشعور اور خوشحال معاشرے کی تشکیل کے لیے ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم ہر بچی کا بنیادی حق ہے اور معیاری تعلیمی سہولیات تک رسائی فراہم کر کے نہ صرف ان کے روشن مستقبل کی بنیاد رکھی جاسکتی ہے بلکہ خواتین کو معاشی اور سماجی طور پر بااختیار بنانے کی راہ بھی ہموار کی جاسکتی ہے۔ بلوچستان کی ترقی کے لیے ضروری ہے کہ بچیوں کو تعلیم کے یکساں مواقع فراہم کیے جائیں تاکہ وہ اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے صوبے کی ترقی میں موثر کردار ادا کرسکیں۔ محترمہ کرن بلوچ نے کہا کہ حکومت بلوچستان کی جانب سے بچیوں کی تعلیم کے فروغ کے لیے اقدامات قابل تحسین ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ بی سی ایس ڈبلیو خواتین اور بچیوں کے حقوق کے تحفظ، تعلیمی مواقع تک رسائی اور صنفی مساوات کے فروغ کے لیے اپنا کردار ادا کرتا رہے گا۔

بقیہ 34

مطابق حکومت بلوچستان کی جانب سے عوامی مسائل ان کی دہلیز پر حل کرنے اور سرکاری محکموں کو عوام کے سامنے جوابدہ بنانے کے سلسلے میں ڈپٹی کمشنر حب کی زیر صدارت ساحلی علاقے ڈام، تحصیل سونمیانی میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جس میں مختلف لائن ڈپارٹمنٹس کے سربراہان، پولیس حکام، اسسٹنٹ کمشنر اور دیگر متعلقہ محکموں کے نمائندوں نے شرکت کی۔ کھلی کچہری میں ساحلی شہر ڈام، وندر اور گردونواح سے تعلق رکھنے والے عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور اپنے مسائل، شکایات اور مشکلات براہ راست ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ سرکاری محکموں کے نمائندوں کے سامنے پیش کیے۔ اس موقع پر عوام کو اپنی شکایات کے اندراج اور متعلقہ حکام تک براہ راست رسائی کا موقع فراہم کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے عوام کی جانب سے پیش کی جانے والی شکایات اور مسائل کو توجہ سے سنا اور متعلقہ افسران کو ان کے حل کے لیے ضروری اقدامات کرنے کی ہدایت کی۔ کھلی کچہری کے دوران بعض شکایات کا موقع پر ہی ازالہ کیا گیا، جبکہ دیگر معاملات کو مزید کارروائی اور حل کے لیے متعلقہ محکموں کے سربراہان کو ارسال کیا گیا، تاکہ ان پر جلد پیش رفت یقینی بنائی جاسکے۔ اس موقع پر اس امر پر زور دیا گیا کہ عوامی شکایات کا بروقت ازالہ سرکاری محکموں کی بنیادی ذمہ داری ہے اور تمام متعلقہ افسران عوام کو درپیش مسائل کے حل کے لیے اپنی ذمہ داریاں موثر انداز میں ادا کریں۔ عوامی مسائل کے حل میں تاخیر سے گریز کیا جائے اور موصول ہونے والی شکایات پر ترجیحی بنیادوں پر کارروائی کرتے ہوئے عوام کو ریلیف فراہم کیا جائے۔ کھلی کچہری میں مختلف سرکاری محکموں کے افسران کی موجودگی سے شہریوں کو اپنے مسائل براہ راست متعلقہ حکام تک پہنچانے کا موقع ملا۔ اس طرز عمل کا بنیادی مقصد عوام اور سرکاری اداروں کے درمیان رابطے کو مضبوط بنانا، شکایات کے ازالے کے عمل کو موثر بنانا اور دور دراز و ساحلی علاقوں کے رہائشیوں کو ضلعی انتظامیہ تک آسان رسائی فراہم کرنا ہے۔ علاقے کے عوام نے ڈام میں کھلی کچہری کے انعقاد کو سراہتے ہوئے حکومت بلوچستان کی اس کاوش کو قابل قدر قرار دیا۔ شہریوں کا کہنا تھا کہ اس نوعیت کے عوامی اجتماعات کے ذریعے لوگوں کو اپنے مسائل حکام بالا کے سامنے پیش کرنے کا موقع ملتا ہے اور متعلقہ افسران کی موجودگی میں شکایات کے حل کے امکانات بڑھ جاتے ہیں۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ موصول ہونے والی شکایات پر موثر کارروائی جاری رکھی جائے گی اور عوامی مسائل کے حل کے لیے ایسے اقدامات مستقبل میں بھی تسلسل کے ساتھ کیے جائیں گے۔ کھلی کچہری کا انعقاد اس عزم کی عکاسی کرتا ہے کہ ضلعی انتظامیہ حب عوامی مسائل کے حل، شہریوں کی شکایات کے ازالے اور سرکاری خدمات کی فراہمی کو بہتر بنانے کے لیے متعلقہ محکموں کے ساتھ مل کر اقدامات جاری رکھے گی، تاکہ عوام کو ان کی دہلیز پر ریلیف فراہم کیا جاسکے۔

بقیہ 35

ہدایت کرتے ہوئے خلاف ورزی پر دو میڈیکل اسٹورز کو شوکاز نوٹسز جاری کیے گئے ڈرگ انسپکٹر نے میڈیکل اسٹور مالکان کو ہدایت کی کہ ادویات کی خرید، ذخیرہ اور فروخت میں مقررہ قوانین وضوابط پر مکمل عملدرآمد یقینی بنایا جائے تاکہ شہریوں کو محفوظ، معیاری اور موثر ادویات کی فراہمی یقینی ہو۔ میڈیکل اسٹورز کی نگرانی اور اچانک انسپکشن کا سلسلہ جاری رکھنے پر زور دیا گیا۔

بقیہ 36

صفیر احمد، بسیر احمد اور دیگر سرکاری عملے پر مشتمل محکمہ ماحولیات کی مشترکہ ٹیم نے مختلف کارخانوں میں ماحولیاتی تحفظ کے انتظامات، صنعتی اخراج، فضلے کے انتظام اور ورکرز کے حفاظتی اقدامات کا جائزہ لیا۔ معائنے کے دوران متعدد صنعتی یونٹس میں ماحولیاتی قوانین اور ضوابط کی خلاف ورزیاں سامنے آئیں۔ بعض کارخانوں میں دھویں اور زہریلی گیسوں کے اخراج کو کنٹرول کرنے والے آلات (ScrubbersWet) غیر فعال پائے گئے، جبکہ بعض مقامات پر صنعتی کچرے کو کھلے عام جلانے اور کیمیکل وٹھوس فضلے کے مناسب انتظامات نہ ہونے کی نشاندہی ہوئی اسی طرح بعض صنعتی یونٹس میں کام کرنے والے ملازمین کو حفاظتی لباس، ماسک اور دیگر ضروری حفاظتی آلات حفاظتی) کی عدم فراہمی بھی سامنے آئی، جس سے کارکنوں کی صحت وسلامتی کو خطرات لاحق ہوسکتے ہیں کارروائی کے دوران ای پی اے کی لیبارٹری ٹیم نے صنعتی اخراج اور گندے پانی کے نمونے حاصل کر کے ان کی جانچ کا عمل شروع کر دیا، جبکہ پبلک اویرنس ٹیم نے صنعتی یونٹس کی انتظامیہ اور ورکرز کو ماحول دوست پیداواری طریقوں، فضلے کے مناسب انتظام اور حفاظتی تدابیر کے حوالے سے آگاہی فراہم کی ادارہ تحفظ ماحولیات کی جانب سے ماحولیاتی قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے صنعتی یونٹس کو اصلاح احوال اور قانونی تقاضے پورے کرنے کے لیے باقاعدہ نوٹسز جاری کر دیے گئے ہیں حکام کے مطابق صنعتی آلودگی کے خاتمے، شہریوں کی صحت کے تحفظ اور ماحولیاتی قوانین پر موثر عملدرآمد کے لیے صنعتی علاقوں میں بی یا ایکٹ کے تحت 2012 قانونی کارروائیوں کا سلسلہ مزید وسیع کیا جائے گا۔

بقیہ 37

رہی ہے۔ بلوچستان ریونیو اتھارٹی کی جانب سے متعلقہ شعبوں میں رجسٹریشن، ٹیکس تعمیل اور واجب الادا پروفیشنل ٹیکس کی ادائیگی کے حوالے سے آگاہی اور انفورسمنٹ کا عمل جاری ہے، تاکہ قابل ٹیکس سرگرمیوں کو موثر انداز میں دستاویزی شکل دی جاسکے۔ اس سلسلے میں کاروباری افراد اور متعلقہ پیشہ ور افراد پر زور دیا جارہا ہے کہ وہ قابل اطلاق قوانین کے تحت بروقت رجسٹریشن، درست معلومات کی فراہمی اور واجب الادا ٹیکس کی ادائیگی یقینی بنائیں۔ بی آر اے حکام کے مطابق ٹیکس نیٹ میں توسیع، شفاف ٹیکس نظام اور موثر ٹیکس وصولی کے ذریعے صوبائی محصولات میں اضافہ اور عوامی خدمات و ترقیاتی سرگرمیوں کے لیے وسائل میں بہتری لانے میں مدد ملے گی۔

بقیہ 38

فراہم کی گئی، جس میں آگ بجھانے کے لیے مطلوبہ سہولیات موجود نہیں ہیں انہوں نے کہا کہ تقریباً ایک ماہ قبل فراہم کی گئی مذکورہ فائر بریگیڈ گاڑی کی کارکردگی کا معاملہ گزشتہ روز ہندو تاجر ارون کمار کے گھر میں پیش آنے والے آتشزدگی کے واقعے کے دوران سامنے آیا۔ فائر بریگیڈ موقع پر پہنچنے کے باوجود موثر طور پر کام نہ کرسکی، جس کے باعث ابتدائی طور پر ایک کمرے میں لگنے والی آگ نے پورے گھر کو اپنی لپیٹ میں لے لیا، جبکہ مقامی افراد نے اپنی مدد آپ کے تحت بالٹیوں کے ذریعے آگ بجھانے کی کوشش کی۔ انہوں نے صفائی کے نظام پر بھی شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے الزام عائد کیا کہ صفائی کے لیے مختص فنڈز کے استعمال میں بے ضابطگیاں کی جارہی ہیں، جبکہ شہر کے مختلف وارڈز میں صفائی نہیں کی جاتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اب صورتحال نااہلی اور کرپشن اس قدر سرایت کر چکا ہے کہ مرکزی بازار میں بھی صفائی کا نظام متاثر ہے اور متعدد سڑکوں وگلیوں کی نالیاں کچرے سے بند ہیں، جس کے باعث شہریوں کو مشکلات کا سامنا ہے۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ میونسپل کمیٹی نوشکی عوام اور حکام کی آنکھوں میں دھول جھونکنے کے لیے صفائی کے حوالے سے سوشل میڈیا پر تصاویر اور خبریں جاری کرنے تک محدود ہوچکی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر سوشل میڈیا پر جاری کی جانے والی صفائی کی تصاویر اور رپورٹس کے مطابق حقیقت میں بھی صفائی کی جاتی تو شاید آج نوشکی میونسپل کمیٹی کا علاقہ صفائی کے حوالے سے پورے ملک کو بھی پیچھے چھوڑ چکا ہوتا۔ انہوں نے شہر میں اسٹریٹ لائٹس کی خراب صورتحال پر بھی تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مختلف علاقوں میں لائٹس خراب ہونے کے باعث شام کے بعد شہریوں کو آمدورفت میں مشکلات کا سامنا ہے اور متعدد علاقے تاریکی میں ڈوب جاتے ہیں۔ ان کے مطابق اس صورتحال سے شہریوں میں عدم تحفظ کا احساس پایا جاتا ہے اور جرائم کے خدشات میں بھی اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے ڈی جی اینٹی کرپشن بلوچستان، آڈیٹر جنرل، محکمہ بلدیات اور دیگر متعلقہ اداروں سے غیر جانبدارانہ تحقیقات کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ تین سال کے دوران ترقیاتی وغیر ترقیاتی فنڈز، نان سیلری فنڈز، پنڈ جات کی منتقلی، ترقیاتی منصوبوں، ٹینڈرز، ورک آرڈرز اور ادائیگیوں کا مکمل ریکارڈ طلب کرکے خصوصی آڈٹ کرایا جائے تاکہ فنڈز کے استعمال کی اصل صورتحال سامنے آسکے۔

بقیہ 39

جو لوگوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے کئی بار شکایت کے باوجود بھی حلقے کے ایم پی اے اور ایم این اے صاحبان خاموش بنے ہوئے ہیں علاقے کے سیاسی سماجی رہنماؤں اور مکینوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان سے دست بستہ اپیل کی ہے کہ خدراوہ میں بازاری موڑ تعمیر کر کے راستے کی سہولیات فراہم کی جائیں تاکہ ہم اپنے بیماروں کو بیماری بڑی کے لیے دشواری پیش نہ ہو۔ حب

آئندہ آٹھ ماہ میں کاروباری معاملات کو آٹومیٹڈ نظام پر منتقل کیا جائے گا ضبط شدہ سامان کی نیلامی کا عمل تیز کیا جارہا ہے

قانونی تجارت کی راہ میں کوئی رکاوٹ برداشت نہیں کی جائے گی محمد جمیل ناصر

سنٹرل اسسمنٹ یونٹ میں بلوچستان کے کیسز کی جانچ پڑتال کیلئے روزانہ شام 5 بجے سے رات 11 بجے تک خصوصی وقت مختص کیا گیا ہے

کوئٹہ (سید کلیم شاہ) چیف کلکٹر کسٹمز انفورسمنٹ (آپریزمنٹ) اسلام آباد محمد جمیل ناصر خان نے کہا ہے کہ قانونی تجارت کی راہ میں کوئی رکاوٹ برداشت نہیں کی جائے گی، ضبط شدہ سامان کی نیلامی کا عمل تیز کیا جارہا ہے جبکہ سنٹرل اسسمنٹ یونٹ میں بلوچستان کے کیسز کی جانچ پڑتال کے لیے روزانہ شام 5 بجے سے رات 11 بجے تک خصوصی وقت مختص کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ آٹھ ماہ میں کاروباری (باقی صفحہ 3 نمبر1)

بنیادی صحت کی سہولیات کی فراہمی کیلئے کوشاں ہے، ڈاکٹر ایم بی داریجو

مصنوعی ذہانت پر مبنی جدید ڈیجیٹل بھرتی وجانچ کا نظام ProMetriX متعارف کرایا

کوئٹہ (آن لائن) پیپلز پرائمری ہیلتھ کیئر انیشی ایٹو (پی پی ایچ آئی) بلوچستان کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر ایم بی داریجو نے کہا ہے کہ وزیر اعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے ڈیجیٹل گورننس، شفافیت، ادارہ جاتی اصلاحات اور میرٹ پر مبنی بھرتیوں کے وژن کے تحت پی پی ایچ آئی بلوچستان نے مصنوعی ذہانت پر مبنی جدید ڈیجیٹل بھرتی وجانچ کا نظام ProMetriX متعارف کرایا ہے۔ اس اقدام کا مقصد بھرتی کے عمل کو جدید ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ کرنا، انتخاب کے تمام مراحل میں شفافیت کو فروغ دینا اور اہل امیدواروں کی قابلیت واہلیت کی بنیاد پر میرٹ کے (باقی صفحہ 3 نمبر3)

یونیورسٹی آف تربت کے مین کیمپس میں ایک روزہ سی بی سی ہیلتھ کیمپ کا انعقاد

تربت (آن لائن) یونیورسٹی کمیونٹی کی فلاح وبہبود اور سماجی خدمت کے عزم کے تحت، یونیورسٹی آف تربت کے مین کیمپس میں ایک روزہ سی بی سی ہیلتھ کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔ اس فلاحی پروگرام کا اہتمام شعبہ نیچرل اینڈ بیسک سائنسز اور ڈائریکٹوریٹ آف اسٹوڈنٹ افیئرز نے ایڈو (باقی صفحہ 3 نمبر2)

کوئٹہ، وزیر اعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو اسمبلی اجلاس کے دوران گفتگو کررہے ہیں

تعمیراتی معیار اور موثر نگرانی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، بابر خان

منصوبوں کی تکمیل میں کسی قسم کی سست روی برداشت نہیں کی جائے گی

وقت کم اور چیلنجز زیادہ ہیں لہٰذا تمام انجینئرز اس بات کو یقینی بنائیں، خطاب

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان نے کہا ہے کہ صوبے میں جاری اہم ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل تعمیراتی معیار اور موثر نگرانی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا جبکہ فرائض میں غفلت اور منصوبوں پر سست روی کا مظاہرہ کرنے والے افسران کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی انہوں نے یہ ہدایات فورٹیفیکیشن آف تھانہ (باقی صفحہ 3 نمبر4)

اسسٹنٹ کمشنر خسرو دلاوری کا گورنمنٹ ڈگری کالج پسنی کا دورہ

ترقیاتی کاموں میں معیار اور شفافیت کو ہر صورت ملحوظ خاطر رکھا جائے گا

گوادر، پسنی (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر خسرو دلاوری نے گورنمنٹ ڈگری کالج پسنی کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے کالج کے مختلف شعبوں، کلاس رومز، لائبریری اور طلبہ کو فراہم کی جانے والی دیگر سہولیات وانتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر نے (باقی صفحہ 3 نمبر6)

پشتون وطن کو بدامنی، خوف اور مسلح تنازعات کا میدان بنانے کی پالیسیوں نے عوام کو مسلسل عدم تحفظ سے دوچار کیا

عوام کے جان ومال کا تحفظ کیا جائے پشتونخوا نیپ کا مطالبہ

قانون کی حکمرانی اور شہری حقوق کے تحفظ کو یقینی بنائیں اور خطے کو ہر قسم کی مسلح مداخلت اور تنازعات سے پاک کیا جائے

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی نے ضلع ہرنائی، زیارت اور دیگر پشتون علاقوں میں سرکاری سرپرستی میں مسلح پراکسی گروہوں کی موجودگی اور گلی علیزئی شاہرگ پر حالیہ گولہ باری کے واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایسے اقدامات نے نہ صرف عوام کی جان و مال کو خطرات سے دوچار کردیا ہے بلکہ پورے خطے کے امن، سماجی زندگی اور شہری ڈھانچے کو بھی تباہی کے دہانے پر پہنچادیا ہے۔ پارٹی کے بیان (باقی صفحہ 3 نمبر8)

واشک، زمباد گاڑی ٹائر پھٹنے سے الٹ گئی آگ لگنے سے ایک شخص جھلس کر ہلاک ایک زخمی

کوئٹہ (آن لائن) واشک کے علاقے میں زمباد گاڑی ٹائر پھٹنے سے الٹ گئی اور آگ لگنے سے ایک شخص جھلس کر ہلاک اور ایک زخمی ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز واشک کے علاقے میں تیز رفتار زمباد گاڑی ٹائر پھٹنے سے ڈرائیور سے بے قابو ہوکر الٹ گئی جس کے نتیجے (باقی صفحہ 3 نمبر7)

ڈپٹی کمشنر جھل مگسی کا گورنمنٹ بوائز ہائر سیکنڈری اسکول گنداواہ کا دورہ

وی ٹی سی کے تحت جاری امتحانات اور اسکول میں جاری تعلیمی سرگرمیوں کا جائزہ

گنداواہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر جھل مگسی سید رحمت اللہ شاہ نے گورنمنٹ بوائز ہائر سیکنڈری اسکول گنداواہ کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے وی ٹی سی کے تحت جاری امتحانات اور اسکول میں جاری تعلیمی سرگرمیوں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے مختلف کلاس رومز اور امتحانی مراکز کا معائنہ کیا اور طلبہ سے مختلف سوالات پوچھ کران کی تعلیمی استعداد اور تدریسی عمل کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے اسکول میں اساتذہ کی حاضری بھی چیک کی اور اسکول کے تعلیمی وانتظامی امور کا جائزہ لیا۔ انہوں نے اسکول میں جاری مجموعی انتظامات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے اساتذہ پر (باقی صفحہ 3 نمبر9)

کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر دھماکوں میں دو پل تباہ، دھماکوں کی شدت سے علاقہ لرز اٹھا

کوئٹہ کراچی شاہراہ بلوچستان میں آمد ورفت اور مختلف علاقوں کے درمیان رابطے کے لیے ایک اہم گزرگاہ ہے

نوعیت شدت اور ان کے نتیجے میں ہونے والے ممکنہ نقصانات سے متعلق تاحال مزید تفصیلات سامنے نہیں آسکیں

مستونگ (آن لائن) کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر دھماکوں میں دو پل تباہ۔ دھماکوں کی شدت سے علاقہ لرز اٹھا۔ مستونگ میں رات گئے ہونے والے دھماکوں کے نتیجے میں کوئٹہ کراچی شاہراہ پر مزید دو رابطہ پل تباہ ہوگئے۔ ذرائع کے مطابق دھماکوں کا نشانہ بننے والا پہلا رابطہ پل بلوچستان ہوٹل ڈلی کھڈ کوچہ کے قریب واقع ہے جبکہ دوسرا پل ڈلی قبرستان کے نزدیک دھماکے سے تباہ کیا گیا۔ دونوں واقعات رات گئے پیش (باقی صفحہ 3 نمبر4)

بلوچستان اکیڈمی فار کالج ٹیچرز ممبران کا نیب کمپلیکس بلوچستان کا مطالعاتی دورہ

دیانت داری، ذمہ داری اور بدعنوانی کے خلاف عدم برداشت جیسے مثبت رویوں کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں

طلبہ میں بدعنوانی کے تدارک کے اقدامات اور اخلاقی اقدار کے حوالے سے مزید آگاہی فروغ دینے کے عزم کا اظہار

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان اکیڈمی فار کالج ٹیچرز (BACT)، کوئٹہ کے تربیتی شرکاء پر مشتمل ایک وفد نے آج آگاہی اور تعارفی پروگرام کے سلسلے میں NAB کمپلیکس کوئٹہ کا مطالعاتی دورہ کیا اور آگاہی سیشن میں شرکت کی۔ وفد کا ڈائریکٹر آگاہی وانسداد بدعنوانی، جناب محمد سلیم احمد اور ان کی ٹیم نے ڈائریکٹر جنرل NAB بلوچستان کی جانب سے پرتپاک استقبال کیا۔ دوران دورہ شرکاء کو قومی احتساب بیورو (NAB) (باقی صفحہ 3 نمبر10)

کراچی/گوادر جامعہ گوادر کے پرو وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر سید منظور احمد پاک چین تعلقات اور عالمی طرز حکمرانی کے موضوع پر منعقدہ سیمینار میں شریک ہیں

سرکاری اراضی عوامی مفاد اور ترقیاتی منصوبوں کیلئے مختص ہے، اے سی رکھنی

سرکاری املاک پر تجاوزات کی روک تھام کے لیے موثر اقدامات جاری رکھے جائیں

بارکھان/رکھنی (خ ن) وزیر اعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن "خوشحال بلوچستان" کے تحت صوبے بھر میں ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل، سرکاری املاک کے تحفظ اور عوامی سہولیات کی بہتری کے لیے عملی اقدامات جاری ہیں۔ اسی سلسلے میں ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمن کاکڑ کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر رکھنی فہد حسین عمرانی نے تحصیلدار کریم بخش اور متعلقہ (باقی صفحہ 3 نمبر11)

وفاقی محتسب ریجنل آفس خضدار کی بڑی کامیابی، تاخیر کا خاتمہ، مستحق خاتون کو BISP وظیفہ موصول ہوگیا

خضدار (پ ر) وفاقی محتسب اعلی کے احکامات اور ریجنل آفس خضدار کی موثر وفوری مداخلت کے نتیجے میں بینظیر انکم سپورٹ (باقی صفحہ 3 نمبر12)

خضدار کے شہری کا 2021ء سے بلاک ایزی پیسہ اکاؤنٹ بحال، انصاف کی فراہمی

عوام کو دہلیز پر بلا تاخیر اور مفت انصاف کی فراہمی کیلئے وفاقی محتسب کا ادارہ متحرک ہے: ترجمان

خضدار (پ ر) وفاقی محتسب اعلی پاکستان کی موثر اور فوری مداخلت کے نتیجے میں خضدار کے رہائشی کی گزشتہ پانچ سال سے زیر التوا شکایت کا کامیابی سے ازالہ کردیا گیا، جس کے بعد شہری کا بلاک شدہ ایزی پیسہ اکاؤنٹ بحال کر کے اسے اپنے فنڈز تک مکمل رسائی فراہم کردی گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق محلہ سات مرلہ سکیم زرینہ قطان (خضدار) کے رہائشی ظفر اللہ نے (باقی صفحہ 3 نمبر14)

تمام منصوبوں اور اسکیموں کیلئے ای بڈنگ لازمی قرار دیدی ہے، عبدالسلام لانگو

کوئٹہ (آن لائن) آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے صدر میر عبدالسلام لانگو، چیئرمین ملک عبدالغفار مندوخیل، جنرل سیکرٹری ملک مجیب مہترزئی، وائس چیئرمین (باقی صفحہ 3 نمبر13)

بلوچستان یونیورسٹی مستونگ سب کیمپس میں تعلیمی تعطل ناقابل برداشت

جماعت اسلامی کا تدریسی سرگرمیاں بحال کرنے کیلئے ایک ہفتے کا الٹی میٹم

مستونگ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی مستونگ حافظ خالد الرحمن شاہوانی نے بلوچستان یونیورسٹی مستونگ سب کیمپس میں طویل عرصے سے تدریسی سرگرمیاں معطل رہنے پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ حکام کو ایک ہفتے کے اندر تعلیمی سرگرمیاں بحال کرنے کا الٹی میٹم دے دیا۔ انہوں نے کہا کہ طلبہ وطالبات کے تعلیمی مستقبل سے مزید کھیلنے کی (باقی صفحہ 3 نمبر15)

مستونگ میں حادثے کے دوران ایک شخص زخمی

کوئٹہ (آن لائن) مستونگ میں حادثے کے دوران ایک شخص زخمی ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز مستونگ میں حادثے کے دوران منظور احمد زخمی ہوگیا جس کو ہسپتال منتقل کردیا گیا مزید کارروائی پولیس کررہی ہے۔

کوئٹہ پولیس کی منشیات کے عادی افراد کے خلاف کارروائیاں 29 افراد گرفتار

منشیات سپلائی کرنے والے نیک محمد کے خلاف کارروائی شروع کردی گئی، حکام

منشیات سپلائی کرنے والے نیک محمد کے خلاف کارروائی شروع کردی گئی

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ پولیس نے منشیات کے عادی افراد کے خلاف خصوصی کارروائیاں کرتے ہوئے سریاب کے علاقوں منیر روڈ، گوہر میدانی سے 29 نشے کے عادی افراد کو گرفتار کرکے ایک منشیات سپلائی کرنے والے کو گرفتار کرکے ایک کلو 30 گرام منشیات برآمد کرلی۔ پولیس کے مطابق گزشتہ روز ایس پی سریاب ڈویژن عابد بخاری کی نگرانی میں تھانہ سیٹلائٹ ٹاؤن اور دیگر متعلقہ پولیس کی جانب سے منیر مینگل، گوہر میدانی سمیت ملحقہ علاقوں میں نشے کے عادی افراد کے خلاف آپریشن کرکے 29 نشے کے عادی افراد کو گرفتار کرکے انہیں (باقی صفحہ 3 نمبر16)

کوئٹہ پولیس کی منشیات فروشوں، مفرور سمیت دیگر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی، ملزمان گرفتار

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ پولیس نے منشیات فروشوں، مفرور سمیت دیگر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 5 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے چرس، موٹر (باقی صفحہ 3 نمبر17)

بی ٹیوٹا حکام رجسٹرڈ امیدواروں کی کال کا جواب بھی نہیں دے رہے، احمد نواز

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے رہائشی احمد نواز نے کہا ہے کہ بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی (بی ٹیوٹا) میں بیرون ملک روزگار کے لئے رجسٹرڈ نوجوانوں (باقی صفحہ 3 نمبر20)

اسسٹنٹ کمشنر بارکھان احسام الدین کا بارکھان بازار کا دورہ

مختلف پٹرول ایجنسیوں کا معائنہ، خلاف ورزیوں پر کئی پٹرول ایجنسیوں کو سیل کردیا

بارکھان (خ ن) ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید رحمن کی خصوصی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر بارکھان احسام الدین نے بارکھان بازار کا دورہ کیا اور مختلف پٹرول ایجنسیوں کا تفصیلی معائنہ کیا۔ دورے کے دوران پٹرول کی پیمائش، پیمانوں اور دیگر ضروری امور کو چیک کیا گیا۔ چیکنگ کے دوران متعدد پٹرول ایجنسیوں میں پیمائش کے حوالے سے بے ضابطگیاں سامنے آئیں، جس پر انتظامیہ نے کارروائی کرتے ہوئے کئی پٹرول ایجنسیوں کو سیل کردیا۔ اسسٹنٹ (باقی صفحہ 3 نمبر18)

آر ڈی ایم سی کے فلاحی منصوبے قابل تحسین ہے: میر سعید احمد کبدانی

نوکنڈی (آن لائن) تحصیل نوکنڈی کے سیاسی وقبائلی رہنما امیر سعید احمد کبدانی نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ آر ڈی ایم سی کی جانب سے فراہم کی جانے والی فنڈنگ کے تحت انڈس ہسپتال نوکنڈی علاقے کے شہریوں کے لیے کسی نعمت سے کم نہیں ہسپتال میں عوام کو مفت او پی ڈی چیک اپ، پچاس سے زائد مختلف فری ٹیسٹوں کی سہولت فراہم کی جارہی ہے، جبکہ تھائیرائیڈ، جگر اور دیگر اہم وبڑے ٹیسٹ کراچی کی لیبارٹریوں کو بھیجے جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا (باقی صفحہ 3 نمبر19)

کوئٹہ، پی پی آئی آئی بلوچستان کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر ایم بیگ آدرش کو جدید ڈیجیٹل بھرتی وجانچ کے نظام ProMetrix کے متعلق میڈیا کو بریفنگ دے رہے ہیں

جمعیت نظریاتی کے کارکن سعودی عرب اور حرمین شریفین کی تحفظ کیلئے ہمہ وقت تیار ہے، مولانا محمود الحسن قاسمی

سعودی عرب پر حملہ پورے عالم اسلام اور تمام مسلمانوں کے جذبات پر حملہ ہے

سعودی عرب پر کسی بھی قسم کی بیرونی جارحیت یا اندرونی خطرہ پورے عالم اسلام کی سلامتی پر حملہ تصور کیا جائے گا

کوئٹہ (آن لائن) جمیعت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے امیر مرکزیہ مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی صوبائی امیر خیبر پختونخوا مولانا قاضی گل الرحمن تکیال صوبائی امیر بلوچستان مولانا قاری مہر اللہ صوبائی امیر مولانا عزیز احمد شاہ امروٹی صوبائی امیر پنجاب مولانا ثناء اللہ فاروقی صوبائی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین مرکزی نائب امیر مولانا عبدالوہاب ڈھیر مرکزی نائب امیر مولانا عبدالر (باقی صفحہ 3 نمبر21)

پرنسپل محمد عادل بلوچ کی زیر صدارت بوائز انٹر کالج پشکان ضلع گوادر میں سالانہ اساتذہ ووالدین اجلاس

پشکان (آن لائن) گورنمنٹ بوائز انٹر کالج پشکان ضلع گوادر میں سالانہ اساتذہ ووالدین اجلاس پرنسپل محمد عادل بلوچ کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں اساتذہ، طلباء کے والدین اور سول سوسائٹی کے نمائندگان نے شرکت کی اجلاس میں کالج کی سالانہ تعلیمی کارکردگی، طلباء کی (باقی صفحہ 3 نمبر22)

کوئٹہ، سیاسی وسماجی رہنما سردار دینار خان ڈوکی سے ڈی سی خاران منیر احمد سومرو ملاقات کررہے ہیں

مویشیوں کو بروقت علاج معالجے کی سہولیات فراہم کرنا محکمہ کی ترجیحات میں شامل ہے، صابر علی

گوادر (خ ن) ڈسٹرکٹ لائیو اسٹاک آفیسر ڈاکٹر صابر علی بلوچ نے کہا ہے کہ محکمہ امور حیوانات مویشی پال حضرات کو بروقت طبی سہولیات کی فراہمی اور مویشیوں کی صحت کے تحفظ کے لیے سرگرم عمل ہے۔ اس سلسلے میں سول ویٹرنری ہسپتال گوادر میں ایک بکری کے تھن کی کامیاب (باقی صفحہ 3 نمبر23)

تعمیراتی کام میں معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے، ڈی سی دکی

اس اہم منصوبے کے ثمرات جلد از جلد طلبہ اور علاقے کے عوام تک پہنچ سکیں

دکی (خ ن) ڈپٹی کمشنر دکی فضل الرحمن کبدانی نے بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشی ایٹو (BSDI) پروگرام کے تحت ایف سی سکول اینڈ کالج دکی میں زیر تعمیر جدید آئی ٹی (باقی صفحہ 3 نمبر24)

ماحولیاتی معائنہ کارٹیموں کا کوئٹہ صنعتی زون میں واقع مختلف صنعتی یونٹس کا معائنہ

ماحولیاتی تحفظ کے انتظامات، صنعتی اخراج، فضلے کے انتظام اور ورکرز کے حفاظتی اقدامات کا جائزہ لیا

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے احکامات کی روشنی اور صوبائی وزیر علی مدد جتک کی نشاندہی پر سیکرٹری ماحولیات وموسمیاتی تبدیلی نور احمد پرکانی اور ڈائریکٹر جنرل ادارہ تحفظ ماحولیات بلوچستان ظہور بلوچ کی ہدایات پر ماحولیاتی معائنہ کارٹیموں نے کوئٹہ صنعتی زون میں واقع مختلف صنعتی یونٹس کا تفصیلی معائنہ کیا۔ ڈائریکٹر ایڈمن اینڈ فنانس محمد علی کی سربراہی میں انفورسمنٹ، لیبارٹری اور پبلک آگاہی ٹیم کے سربراہ ڈپٹی محمد علی کاکڑ، محکمے کے اسسٹنٹ ڈائریکٹرز بشیر جاوید، محمد داؤد وتوحید کاکڑ، گل حسن انسپکٹر زشوکت کاکڑ، (باقی صفحہ 3 نمبر36)

ڈرگ انسپکٹر گوادر ڈاکٹر محمد آصف کا اورماڑہ میں مختلف میڈیکل اسٹورز کا اچانک معائنہ

ضروری اصلاحات کی ہدایت کرتے ہوئے خلاف ورزی پر دو میڈیکل اسٹورز کو شوکاز نوٹسز جاری

اورماڑہ (خ ن) صوبائی حکومت کی صحت عامہ پالیسی اور ادویات کے معیار سے متعلق ہدایات کی روشنی میں ڈرگ انسپکٹر گوادر ڈاکٹر محمد آصف نے اورماڑہ میں مختلف میڈیکل اسٹورز کا اچانک معائنہ کیا معائنے کے دوران ڈرگ لائسنس، وارنٹی وخریداری بلز، ادویات کی ایکسپائری، اسٹوریج کے مناسب انتظامات اور صفائی وستھرائی کا جائزہ لیا گیا۔ بعض ادویات کے نمونے مزید تجزیے کے لیے لیبارٹری بھجوا دیے گئے، جبکہ ضروری اصلاحات کی (باقی صفحہ 3 نمبر35)

پیشہ ور افراد بروقت رجسٹریشن، درست معلومات کی فراہمی اور واجب الادا ٹیکس کی ادائیگی یقینی بنائیں، بی آر اے

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے تحت بلوچستان ریونیو اتھارٹی (بی آر اے) صوبے میں پروفیشنز، ٹریڈز، کالنگز اور ایمپلائمنٹ سے وابستہ افراد اور کاروباری اداروں کو ٹیکس نظام میں شامل کرنے اور ٹیکس بیس کو وسعت دینے کے لیے اقدامات تیز کر (باقی صفحہ 3 نمبر37)

جمعہ داد خان مندوخیل کی زیر صدارت ژام، تحصیل سونمیانی میں کھلی کچہری کا انعقاد

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر حب جمعہ داد خان مندوخیل کی زیر صدارت ژام تحصیل سونمیانی میں کھلی کچہری کا انعقاد، عوام نے اپنے مسائل اور شکایات پیش کیں ڈپٹی کمشنر حب نے عوامی مسائل سنے، متعلقہ محکموں کو فوری ازالے اور زیر التواء شکایات پر جلد کارروائی کی ہدایت کی۔ تفصیلات کے (باقی صفحہ 3 نمبر34)

میونسپل کمیٹی نوشکی میں کرپشن عروج پر ہے، اپوزیشن اراکین

فائر بریگیڈ، پٹہ جات اور صفائی کے معاملات کی تحقیقات کرائی جائیں

نوشکی (آن لائن) میونسپل کمیٹی نوشکی کے اپوزیشن اراکین نے اپنے جاری کردہ مشترکہ بیان میں گزشتہ تین سال کے دوران میونسپل کمیٹی میں مالی بے ضابطگیوں پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ترقیاتی وغیر ترقیاتی فنڈز، نان سیلری فنڈز اور پٹہ جات کی منتقلی کے معاملات کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ عوام کے مطالبے پر وزیر اعلی بلوچستان نے عوامی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے جدید فائر بریگیڈ گاڑی کی خریداری کے لیے میونسپل کمیٹی کو دو کروڑ روپے کے فنڈز فراہم کیے تھے، تاہم جدید فائر بریگیڈ کے بجائے ایک چھوٹی گاڑی (باقی صفحہ 3 نمبر38)

صحبت پور تو کشمور روڈ پر کام کرنے کے دعوے بڑے مگر کام صفر

صحبت پور تو کشمور روڈ پر کام میں سست رفتاری کی وجہ سے لوگوں کو آنے جانے میں مشکلات

صحبت پور (آن لائن) صحبت پور کے میگا پروجیکٹ روڈ جو کہ ٹھیکیداری کی جانب سے ناقص مٹی پرتی شاخ سے بیوی مشتری کے ذریعے نکال کر روڈ کی بھرائی کررہے ہیں کوئی پوچھنے والا انہیں ٹھیکیدار کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے عوامی حلقے کا وزیر اعلی بلوچستان سے مطالبہ جو کہ چند ماہ سے مین پل بازاری موڑ بیوی مشتری گزرنے کی وجہ ٹوٹ گیا جو یونین کونسل سنہری کے مختلف گاؤں جب کہ سوئی گیس سے ٹیکسی گاڑیاں جو کہ صحبت پور اور کوئٹہ جانے کے لیے رابطہ منقطع ہوگیا دور دراز سے لوگ سندھ آر ڈی 44 سے ہوکر صحبت پور کے لیے بیماری بڑی میں جاتے ہیں (باقی صفحہ 3 نمبر39)

سوراب، ڈپٹی کمشنر صاحبزادہ نجیب اللہ ضلع کونسل اور ایم۔سی سوراب کا دورہ کررہے ہیں

آئی ایم ایف سے ایک ارب 21 کروڑ ڈالر کی فراہمی کی راہ ہموار ہونا حکومت کی معاشی کوششوں میں اہم پیش رفت ہے

معاشی بحالی ایک مرحلہ وار عمل ہے سینیٹر محمد عبدالقادر

عوامی ریلیف معاشی اصلاحات کا اہم مقصد بھی ہے اور ان کی کامیابی کے لیے عوامی حمایت برقرار رکھنے کا ذریعہ بھی

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان اسٹاف سطح کے معاہدے کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ تقریباً ایک ارب 21 کروڑ ڈالر کی فراہمی کی راہ ہموار ہونا حکومت اور معاشی ٹیم کی کوششوں میں ایک اہم پیش رفت ہے۔ رقم کی فراہمی آئی ایم ایف کے ایگزیکٹو بورڈ کی منظوری سے مشروط ہے۔ انہوں نے کہا کہ مشکل عالمی حالات میں (باقی صفحہ 3 نمبر25)

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ (ویسٹ) کی زیر صدارت کچلاک میں کھلی کچہری

عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور ان کے مسائل کا بروقت ازالہ ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایات کے مطابق ڈپٹی کمشنر کوئٹہ (ویسٹ) منیر احمد درانی کی زیر صدارت کچلاک میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ کھلی کچہری گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول کچلاک میں منعقد ہوئی، جس میں رکن صوبائی اسمبلی ملک نعیم بازئی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو)، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ویسٹ، اسسٹنٹ کمشنر کچلاک سمیت محکمہ گیس، (باقی صفحہ 3 نمبر27)

تال میں تاحال نیشنل بینک کی برانچ منظور نہ ہوسکی، عوامی ضرورت کے پیش نظر فوری منظوری دی جائے، مطالبہ

کوئٹہ (آن لائن) تال میں تاحال نیشنل بینک کی برانچ منظور نہ ہوسکی، عوامی ضرورت کے پیش نظر فوری منظوری دی جائے تال کی بڑھتی ہوئی آبادی، کاروباری سرگرمیوں اور عوامی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے نیشنل بینک کی برانچ کا قیام ناگزیر ہے۔ تال کے عوام، تاجروں، سرکاری ملازمین اور کاروباری طبقے کو بینکاری امور کی انجام دہی کے لیے مشکلات کا سامنا کرنا (باقی صفحہ 3 نمبر28)

ڈاکٹر سلیم زرکون کی زیر صدارت تعلیمی سہولیات اور اسکولوں کو مسائل پر اجلاس

کوہلو (خ ن) وزیر اعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن اور محکمہ اسکولز ایجوکیشن کی ہدایات کے تحت ڈویژنل ڈائریکٹر اسکولز کو (باقی صفحہ 3 نمبر26)

پی پی ایچ آئی ہرنائی کے دفتر میں ماہ ستمبر 2026 کا اہم ماہانہ جائزہ اجلاس

ہرنائی (خ ن) پی پی ایچ آئی ہرنائی کے دفتر میں ماہ ستمبر 2026 کا اہم ماہانہ جائزہ اجلاس (ایم آر ایم) انعقاد پذیر ہوا، (باقی صفحہ 3 نمبر29)

ڈی آئی جی مکران کا تعمیر سیف سٹی پراجیکٹ اور ڈسٹرکٹ کورٹس گوادر کا دورہ

امن وامان کی صورتحال بہتر بنانے اور جرائم پر قابو پانے میں مدد ملے گی، شاد بن مسیح

ڈسٹرکٹ کورٹس گوادر کی سیکورٹی کو فول پروف بنانے کیلئے بڑی اہمیت کا حامل ہے

کوئٹہ (آن لائن) ڈی آئی جی مکران رینج شاد ابن مسیح نے کہا ہے کہ گوادر زیر تعمیر سیف سٹی منصوبہ اور ڈسٹرکٹ کورٹس گوادر کی سیکورٹی کو فول پروف بنانے کے لئے بڑی اہمیت کا حامل ہے اس منصوبے کے پایہ تکمیل تک پہنچنے سے گوادر شہر اور دیگر علاقوں میں امن وامان کی صورتحال بہتر بنانے اور جرائم پر قابو پانے میں مدد ملے گی۔ اس لئے پولیس کی جانب سے جدید ٹیکنالوجی (باقی صفحہ 3 نمبر30)

کیسکو سینٹرل سرکل کے صارفین کیلئے آن لائن کچہری 12 اکتوبر کو ہوگی، اعلامیہ

کوئٹہ (خ ن) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) سینٹرل سرکل کوئٹہ کے تحت کوئٹہ شہر کے تمام صارفین کیلئے آن لائن کچہری 12 اکتوبر 2026 کو (بروز پیر) دن 11 بجے سے دوپہر ایک بجے تک ہوگی جس میں سپرنٹنڈنگ انجینئر عبدالناصر مندوخیل (باقی صفحہ 3 نمبر31)

پولیس عوام کے جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے اقدامات اٹھا رہی ہے، اسد غفور

عوام کے ساتھ مثبت روابط کو مضبوط بنانے کے لئے کھلی کچہریوں کا سلسلہ شروع کیا گیا ہے

کوئٹہ (آن لائن) ایس پی سٹی ڈویژن اسد غفور نے کہا ہے کہ پولیس عوام کے جان ومال کے تحفظ کو یقینی بناتے ہوئے پولیس اور عوام کے درمیان روابط کو مضبوط اور موثر بنانے کے لئے اقدامات اٹھا رہی ہے شہری پولیس کے ساتھ تعاون کریں تاکہ جرائم پیشہ عناصر کی بیخ کنی کو ممکن بنایا جاسکے۔ یہ بات انہوں نے ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ عمران شوکت اور ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی خصوصی ہدایت پر تھانہ سٹی میں گزشتہ روز منعقدہ کھلی کچہری کے شرکاء سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر ڈی ایس پی سٹی عبدالقادر قمبرانی، ایس ایچ او سٹی نعمت اللہ خلجی سمیت (باقی صفحہ 3 نمبر32)

بچیوں کی تعلیم پر توجہ دینا ایک ترقی یافتہ، باشعور اور خوشحال معاشرے کی تشکیل کیلئے ناگزیر ہے، کرن بلوچ

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کمیشن آن دی اسٹیٹس آف ویمن (بی سی ایس ڈبلیو) کی چیئرپرسن محترمہ کرن بلوچ نے وزیر اعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے بچیوں کو تعلیمی مواقع فراہم کرنے کے لیے کیے جانے والے اقدامات کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے (باقی صفحہ 3 نمبر33)

کوئٹہ، بلوچستان ریفامرز سوشل نیٹ ورک کے زیر اہتمام ورلڈ ٹیچرز ڈے کے حوالے سے ایوارڈ تقریب کے موقع پر پارلیمانی سیکرٹری میر لیاقت لہڑی، ڈائریکٹر خانہ فرہنگ ایران ابوالحسن میری، طاہرہ بلوچ اور فائزہ سکندر خطاب کررہی ہیں

چیف ایڈیٹر وپبلشر محمد عاطف خان نے السعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ تعمیر وطن کوئٹہ اسٹینڈرڈ کمپلیکس مشن روڈ کوئٹہ سے شائع کیا فون فیکس: 2824878 موبائل نمبر 03337867133 ای میل: twnisb@gmail.com tameerewatan33@gmail.com